سینیٹر نعمان وزیر خٹک: جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے میں ایک بات کرنا چاہوں گا۔ I agree with him whatever Senator Taj Haider sahib is saying. جیسے ای۔ میل ہمارے پاس ایک دن پہلے آتی ہے، اس میں اگر یہ لکھا ہوا ہو کہ کل آپ کا سوال ہے تو ہم جو اپنی پارلیمانی پارٹی کے لیڈر ہیں، اپنے متعلقہ رکن کو آگاہ بھی کر دیں گے کہ جی، آپ کا سوال ہے، کل آپ نے موجود ہونا ہے۔ اس سے بہتری آئے گی۔ بات یہ ہے کہ یہاں ہم بہت سے لوگوں کا time لے رہے ہوتے ہیں، جب متعلقہ رکن نہیں آتا یا موجود نہیں ہوتا تو سارا وقت ضائع ہو جاتا ہے۔ کتنے لوگوں نے محنت کی ہوتی ہے، منسٹری نے کتنی محنت کی ہوتی ہے، وہ سب ضائع ہو جاتا ہے۔ سیکرٹریٹ نے صرف یہ کرنا ہے کہ جو ای۔ میل شام کو کرتے ہیں، اس میں ایک line add کر دیں جس طرح تاج حیدر صاحب کہہ رہے ہیں تو بہت بہتر ہو گا۔ اس سے یہاں بہت productive discussion ہو سکے گی۔

(Pause)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میرا بھی یہی خیال تھا، میں نے وضاحت بھی مانگی تو بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں اس چیز کو discuss کر لیں تاکہ اس پر فیصلہ ہو جائے۔

Leave of Absence

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ابھی ہم leave applications لے لیتے ہیں۔ سینیٹر اسلام الدین شیخ نے بعض نجی مصروفیات کی بناء پر آج مورخہ 9 ستمبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر مختیار احمد دھامر اصاحب نے بھی بعض نجی مصروفیات کی بناء پر آج مورخہ 9 ستمبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اگلا item مشہدی صاحب کے نام پر ہے۔ مشہدی صاحب! آپ کے calling attention notice سے متعلق منسٹر صاحب نے request کی ہے کہ چونکہ وہ کابینہ میٹنگ کے باعث مصروف ہیں، لہٰذا اسے defer کیا جائے۔ میرے خیال میں بہتر ہو گا کیونکہ وہ خود موجود ہوں گے۔

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: میں آپ کو کیسے انکار کر سکتا ہوں؟ ٹھیک ہے جناب۔ منسٹر صاحب کی request ہے تو ٹھیک ہے، defer کر دیں۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ آج کابینہ کی میٹنگ بہت مختصر ہو گی، اس لیے میری اطلاع یہ ہے، مجھے انہوں نے بتایا ہے کہ جونہی وہ فارغ ہوتے ہیں تو سب کو بھیج دیا جائے گا تاکہ اپنا اپنا بزنس attend کر سکیں۔ جیسے ہی وہ آ جائیں گے تو پھر انشاء اللہ، اسے لے لیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وقتی طور پر ہم اسے defer کر لیتے ہیں۔

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: ٹھیک ہے جی، جیسے ہی منسٹر صاحب تشریف لاتے ہیں، اس وقت اسے لے لیں، مجھے کوئی objection نہیں ہے۔ میں ویسے بھی بہت cooperate کرتا ہوں، میں ہمیشہ Govt. party سے cooperate کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: راجہ صاحب نے بتایا ہے کہ کابینہ کی ایک short meeting ہے، جونہی وہ فارغ ہوں گے، حاضر ہو جائیں گے۔ اگر منسٹر صاحب وقت پر آ گئے تو

اس item کو لے لیں گے۔ اگلا item سید مظفر حسین شاہ صاحب، چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ کے نام پر ہے۔ جناب! آپ Order No.4 پیش کریں۔

Presentation of report of the Standing Committee on National Food Security and Research by Senator Syed Muzafar Hussain Shah regarding conversion of NARC land issue

Senator Syed Muzafar Hussain Shah: Mr. Chairman, Sir, I as the Chairman of the Standing Committee on National Food Security and Research, present 8th follow up report of the Committee regarding proposed "conversion of 1400 acres land of National Agricultural Research Centre (NARC) by the Capital Development Authority (CDA) into residential/commercial plots".

جناب والا! ہمیں چیئرمین صاحب نے یہ directions دی تھیں کہ آپ ہر مہینے ایوان کو بتائیں گے کہ اس پر latest position کیا ہے تو position وہی ہے کہ اس زمین کا قبضہ NARC کے پاس ہے۔ اس سے متعلق سپریم کورٹ نے ایک *suo moto* notice بھی لیا تھا جو اس وقت زیر سماعت ہے اور اس کی اگلی پیشی اس مہینے کی اکیس تاریخ کو ہے۔ اس کے بعد جو بھی کارروائی ہو گی، ہم وہ اس ایوان کے سامنے پیش کر دیں گے۔ آج کی report ہم نے یہاں پیش کر دی ہے۔

Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat by Senator Kalsoom Perveen regarding plots auctioned by CDA during the last twenty years

Mr. Presiding Officer: Report sands laid. Next Item No. 5. Senator Muhammad Talha Mehmood Chairman, Standing Committee,

ان کے behalf پر سینیٹر کلثوم پروین صاحبہ report پیش کریں گی۔

Senator Kalsoom Perveen: Thank you, Mr. Chairman. On behalf of Chairman Committee, I

present report of the Committee on the subject matter of starred question No. 99, asked by Senator Chaudhary Tanvir Khan, on 26th July, 2016, regarding the number of commercial plots auctioned by the Capital Development Authority during the last twenty years.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Next Item No. 6 by Senator Muhammad Talha Mehmood, on his behalf Senator Kalsoom Perveen.

Presentation of report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat by Senator Kalsoom Perveen regarding the New Balakot City Project

Senator Kalsoom Perveen: Thank you, Mr. Chairman. On behalf of Chairman Committee, I present report of the Committee on the subject matter of starred question No. 114 and 125A, asked by Senator Mohammad Azam Khan Swati and Senator Lt. Gen. (R) Salahuddin Tirmizi, on 22nd January, 2016 and 15th February, 2016, respectively, regarding the New Balakot City Project and amount spent by ERRA in AJK, Mansehra, Abbottabad, Batagram, Kohistan and other areas for rehabilitation and reconstruction in the wake of 2005 earthquake.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Next Item No. 7 of Senator Hilal-ur-Rehman, on his behalf Senator Sitara Ayaz.

Presentation of special report of the Standing Committee on States and Frontier Regions by Senator Sitara Ayaz from 20th May, 2015 to July, 2016

Senator Sitara Ayaz: Thank you, Mr. Chairman. I, on behalf of Chairman, Standing Committee on States

and Frontier Regions, present special report of the Committee for the period from 20th May, 2015 to 27th July, 2016, containing key recommendations made by the Committee during the said period.

Mr. Presiding Officer: Report stands laid. Next Item No. 8 of Senator Muhammad Talha Mehmood, on his behalf Senator Kalsoom Parveen.

Presentation of special report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat by Senator Kalsoom Perveen regarding Public Petition No. 1040

سینیٹر کلثوم پروین: جناب والا! چیئرمین قائمہ کمیٹی کے behalf پر میں Federal Directorate of Education, Islamabad کے تحت کام کرنے والے daily wages Lecturers and Junior Lady Teachers کی جانب سے جمع کی گئی Public Petition No. 1040 پر کمیٹی کی special report پیش کرنا چاہتی ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Report Stands laid. Next Item No. 9, Senator Kalsoom Perveen may move Item No. 9.

Motion under Rule 196 (1) moved by Senator Kalsoom Perveen regarding Public Petition No. 1040

سینیٹر کلثوم پروین: جناب چیئرمین! چیئرمین قائمہ کمیٹی کے behalf پر under sub-rule (1) of Rule 196 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate , 2012, کے تحت کام کرنے والے daily wages Lecturers and Junior Lady Teachers کی جانب سے جمع کی گئی Public Petition No. 1040 پر کمیٹی کی special report کو زیر غور لایا جائے اور اسے adopt کیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اس پر کچھ بولنا چاہتی ہیں؟

سینیٹر کلثوم پروین: جی جناب والا! یہ مسئلہ ہمارے پاس 2011 سے زیر غور تھا، اس پر چیئرمین صاحب بھی ہمیں ہدایات دے چکے ہیں اور اس پر ان کی کچھ reservations بھی تھیں۔ جناب والا! Federal Directorate of Education کے ملازمین کو 2011 میں مستقل کیا گیا تھا۔ اکثر ملازمین اس میں رہ گئے تھے۔ جناب والا! اس میں رہ جانے والے ملازمین medical کے مراحل سے بھی گزر گئے تھے، 2013 میں نئی آسامیاں پیدا کی گئیں اور بجائے ان کی joining لینے کے دوسرے لوگوں سے joining لی گئی۔ اس کے برعکس موجودہ حکومت نے اسی Standing Committee on Cabinet Secretariat کی سفارشات پر مندرجہ ذیل اداروں میں ملازمین کو مستقل کیا:-

۱۔ وزارت خزانہ کے Grade-17 کے 258 لوگوں کو مستقل کیا گیا۔

۲۔ NCHD کے Grade 1 to 15 and Grade 16 to 18 کے 2943 لوگوں کو مستقل کیا گیا بلکہ 2043 نئی آسامیوں کی منظوری بھی دی گئی۔

۳۔ قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی سفارش پر وزارت کیڈ کے تحت Poly Clinic, PIMS and CDA کے ملازمین کو مستقل کیا گیا۔ جناب والا! اس کی list ساتھ لف ہے۔

جناب والا! میں یہ سفارش کروں گی کہ جو لوگ اس میں رہ گئے ہیں، انہیں مستقل کیا جائے کیونکہ High Court کا حکم بھی موجود ہے۔ وزیراعظم صاحب کو جو summary بھیجی گئی ہے، bureaucracy نے اس کو بہت توڑ مروڑ کر پیش کیا ہے جس کی وجہ سے ہمارے lecturers and teachers ابھی تک daily wages پر کام کر رہے ہیں، وہ سات اور نو ہزار روپے تنخواہ لے رہے ہیں جو انہیں چھ مہینوں سے نہیں ملی۔ جناب والا! میں سمجھتی ہوں کہ یہ بہت امتیازی سلوک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ سب کچھ آپ کی report میں موجود ہوگا۔

سینیٹر کلثوم پروین: جی موجود ہے۔ میں تھوڑی سی وجہ بتا رہی ہوں کہ انہیں مستقل کیا جائے، ان کا حق بنتا ہے، یہ لوگ BSc and MSc ہیں، یہ سات سات سالوں سے کام کر رہے ہیں اور اب over age ہو گئے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کی report میں یہ چیزیں موجود ہیں اور آپ نے اس میں سفارش کی ہے کہ انہیں مستقل کیا جائے۔

سینیٹر کلثوم پروین: جی جناب والا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بابر اعوان صاحب۔

سینیٹر ظہیر الدین بابر اعوان: جناب چیئرمین! میری دو گزارشات ہیں۔ پہلی چیز یہ ہے کہ جب یہ issue ایوان میں آیا تو حکومت کی طرف سے وعدہ کیا گیا کہ وزیراعظم صاحب سے ان کے وعدے پر عمل درآمد کروائیں گے۔ وزیراعظم ایک local school گئے تو وہاں انہوں نے وعدہ کیا کہ اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں کام کرنے والے daily wages Lecturers and Junior Lady Teachers کو مستقل کیا جائے گا، اس کی audio and video دونوں موجود ہیں۔ Minister for CADD بھی وزیراعظم کے ساتھ تھے بلکہ وہ ہی وزیراعظم کو لے کر گئے تھے۔ میں اس سلسلے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ایوان اسے unanimously adopt کرے کیونکہ حکومت نے پہلے ہی اس پر وعدہ کیا ہوا ہے۔ جس دن یہ بات یہاں point out ہوئی، میں نے اور کچھ دوسرے سینیٹرز نے point out کیا تھا، اس دن اس Petition No. 1040 کو چیئرمین صاحب نے Public Petition کے طور پر entertain کیا تھا، اس لیے میں نہیں سمجھتا کہ اس میں کسی اور کا کوئی خیال ہے کہ وہ اس کی مخالفت کرے گا۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. It has been moved under sub-Rule (1) of Rule 196 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that special report of the Committee on "Public Petition No. 1040 submitted by daily wages Lecturers and Junior Lady Teachers serving under Federal Directorate of Education, Islamabad, be considered and adopted.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Report has been adopted. Next Item No. 10 of Senator Muhammad Javed Abbasi.

Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Muhammad Javed Abbasi regarding [The Constitution (Amendment) Bill, 2016] (substitution of Article 28)

Senator Muhammad Javed Abbasi: Mr. Chairman. I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules and Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the period for presentation of report of the Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2016] (Substitution of Article 28), may be extended for a period of thirty working days with effect from 24th September, 2016, in order to enable the Committee to extensively deliberate on the Bill.

Mr. Presiding Officer: Yes, It has been moved under sub-Rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the period for presentation of report of the Committee on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2016] (substitution of Article 28), may be extended for a period of thirty working days with effect from 24th September, 2016.

(The motion was carried)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: راجہ صاحب! آپ کوئی motion move کرنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق: میرے خیال میں چیئرمین صاحب سے بات کرنے کے بعد ہی کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، چیئرمین صاحب سے بات کرنے کے بعد پیش کریں گے، ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، سیکرٹری صاحب نے ایک announcement کرنی ہے۔ سیکرٹری صاحب! آپ please announcement کریں۔

Announcement by the Secretary Senate

Secretary Senate: Thank you sir. The first announcement is regarding the public petitions. It is for the information of the House that during the intervening period of 250th and 252nd session, the total of 66 public petitions were received. Out of which 10 public petitions have been referred to various Standing Committees whereas 54 public petitions have been hold inadmissible under the rules.

Sir, the second announcement is regarding the extension granted by the Chairman in his Chamber. It is for the information of the House that in terms of second proviso to Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, the honourable Chairman Senate has granted extension to the following committees:

1. Extension of 30 days to the Standing Committee on Climate Change on all aspects of the climate change in the country.
2. Extension of 30 days to the Standing Committee on climate change on the construction of LNG terminal.
3. Extension of 30 working days to the Standing Committee on Interior and Narcotics Control for submission of report on the murder case of Dr. Dilshad Nawaz.

Thank you, sir.

Mr. Presiding Officer: Next item No.16, it is Legislative Business. Chaudhry Nisar Ali Khan, Minister for Interior and Narcotics Control, may move Order No.16 on the Orders of the Day.

Consideration of the Criminal Laws (Amendment) Bill, 2016

Mr. Muhammad Baligh-ur-Rehman (Minister of State for Interior: Sir, I would like to move that the Bill further to amend certain laws [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2016], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

Mr. Presiding Officer: Yes, Farhatullah Babar Sahib.

سینیٹر فرحت اللہ بابر: یہ جو قانون میں ترمیم کی جارہی ہے اس کے اندر ایک POPA Act, 2014 میں بھی ترمیم کی جارہی ہے جبکہ جولائی 2016 میں POPA Act,214 lapse ہو چکا ہے۔ اس قانون میں مزید ترمیم لانا ، میرا خیال ہے کہ پارلیمان کے لئے embarrassing ہے کہ ایک قانون سرے سے موجود ہی نہیں ہے اور آپ اس قانون کی ایک شق میں ترمیم لارہے ہیں۔

میری فاضل وزیر صاحب سے گزارش یہ ہوگی کہ اس کو withdraw کرلیں اور دوسرے قوانین میں miscellaneous amendments کے تحت ایک اور مسودہء بل لائیں، اسے اسمبلی سے پاس کرائیں اور پھر یہاں لائیں ورنہ یہ کہنا کہ اس کو ابھی آپ کمیٹی کے پاس بھیج دیں اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس پورے ایوان میں کسی نے یہ نہیں دیکھا کہ اس میں تو اس قانون میں ترمیم کی جارہی ہے جو قانون exist ہی نہیں کر رہا۔ میری فاضل وزیر صاحب سے گزارش ہے کہ اس کو withdraw کریں اور اس کو present نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی وزیر صاحب۔

جناب محمد بلیغ الرحمٰن: جناب والا! معزز ممبر کی observation بالکل صحیح ہے اور میں بھی یہی عرض کرنے والا تھا۔ اس میں بہت سے قوانین ہیں جن کو club together کیا گیا ہے، جس میں آج amendment پیش کی گئی ہے۔ یہ بالکل صحیح بات ہے POPA ختم

ہو چکا ہے اور اس میں ترمیم نہیں کی جا سکتی جب تک کہ وہ خود in effect نہ ہو لیکن اس کے ساتھ ساتھ مختلف ترامیم جن میں Pakistan Penal Code 1860 کی ترمیم ہے، Police Act 1861 کی ترمیم ہے، اس میں قانون شہادت اور Anti-Terrorism Act, 1997 کی ترمیم ہے،اور Fair Trial Act, 2013 کی ترمیم ہے۔

میں گزارش کروں گا کہ اس میں سے بالکل Protection of Pakistan Act, عام طور پر جسے ہم as POPA refer کرتے ہیں،اسے withdraw کر لیا جائے اور اس کے علاوہ باقی ترامیم کو Standing Committee کو refer کر دیا جائے تاکہ ایوان کی deliberations اور اس میں خاطر خواہ progress بھی ہو سکے اور وہ کام آگے چل سکے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مطلب یہ ہے کہ آپ فرحت اللہ بابر صاحب کے point سے اتفاق کرتے ہیں۔

جناب محمد بلیغ الرحمٰن: جی اتفاق کرتا ہوں کہ اس ترمیم کا بالکل جواز نہیں بنتا۔ جب وہ یہاں بھیجا گیا تھا تو اس وقت وہ in effect تھا لیکن اب وہ چونکہ آگے extend نہیں ہوا تو اس کو بے شک withdraw کر لیا جائے لیکن باقی ترامیم کو Standing Committee کو اگر refer کر دیا جائے تو بہتر ہو جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بابر صاحب! بہتر تجویز ہے۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر: میں فاضل وزیر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ admit کرتے ہیں کہ POPA lapse ہو چکا ہے۔ جناب چیئرمین! اس قانون کو اگر ہم ابھی کمیٹی میں بھیجیں گے اور جیسے فاضل وزیر صاحب نے خود کہا کہ یہ particular item جس میں POPA ترمیم کی گئی ہے اس کو آپ نکال دیں تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ جو مسودہء قانون قومی اسمبلی نے پاس کیا ہے اگر اس میں سینیٹ ایک تبدیلی بھی نہ کرے اور صرف آخری جو POPA میں ترمیم ہے اس کو تو ظاہر ہے فاضل وزیر صاحب بھی مان گئے ہیں، صرف یہی نکال دیں تو گویا اسمبلی سے پاس شدہ قانون میں سینیٹ نے ترمیم کر دی۔ ظاہر ہے کہ یہ بل پھر واپس قومی اسمبلی میں جائے گا کیونکہ جب سینیٹ میں ترمیم ہو جائے گی تو دوبارہ یہ قومی اسمبلی میں جائے گا۔ میرا

کہنے کا مطلب یہ ہے ان کا وقت بچ جائے گا بجائے اس کے کہ آج آپ اسے کمیٹی میں بھیج دیں اور کمیٹی صرف یہ نکال دے اور پھر یہ قومی اسمبلی میں جائے تو آج ہی یہ withdraw کر لیں۔ قومی اسمبلی سے دوبارہ اسی طرح کا minus POPA pass کروالیں پھر یہاں لے آئیں اور پھر آپ کمیٹی میں بھجوادیں تو پھر ہم وہاں اپنی تجاویز دے دیں گے باقی سارے قوانین میں جن کی مجوزہ ترامیم ہیں۔ باقی فیصلہ تو ارباب اختیار کا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بابر صاحب! کمیٹی کے پاس جب جائے گا، اس کی ترمیم واپس آئے گی تو اس وقت وہ اسمبلی میں جائے گا تو تقریباً ایک جتنا وقت لگ جائے گا۔

The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

The Questions, Resolutions and Motions under Rule 218 notices of which were received for the current session but have not been taken up in the House will not lapse on prorogation of this Session and will be carried forward to the next session.

(Interruption)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مشہدی صاحب! آپ کا کونسا نمبر ہے؟

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: یہ جناب نمبر ۳، وہ جو معزز وزیر صاحب نہیں آئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: قائد ایوان فرما رہے ہیں کہ وقتی طور پر اس کو ہم نے ان کی assurance کی بنیاد پر کر دیا ہے کیونکہ Cabinet کے items بڑے short ہیں۔

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: اگر نہیں آئے تو۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اگر نہیں آئے تو پھر کر دیں گے۔

سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی: شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس پر فیصلہ ہوا ہے ناں۔ وزراء صاحبان اگر وقت مقررہ کے دوران اگر آ گئے اور وقت بچا۔ راجہ صاحب، صدر صاحب کی تقریر پر بحث کے حوالے سے میں نے کل بھی کہا تھا۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس پر فیصلہ ہوا ہے، وزراء صاحبان اگر مقررہ وقت کے دوران آ گئے اور وقت بچا تو ان کو لے لیں گے ورنہ defer کر دیں گے۔

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: ٹھیک ہے جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی, Item No. 18 راجہ صاحب، صدر صاحب کی تقریر پر بحث کے حوالے سے میں نے کل بھی کہا تھا۔ کچھ نام تو آئے ہیں۔ جی تاج حیدر صاحب۔

سینیٹر تاج حیدر: جناب عالی! ملک میں crises ہیں، economy کے، security کے، ہر چیز کے، کرپشن کے crises ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، نہیں۔ میں صدارتی تقریر پر بحث کے حوالے سے پوچھ رہا ہوں۔ آپ اس پر بات کر رہے ہیں؟

سینیٹر تاج حیدر: نہیں، میں نے جو لسٹ دی ہے، اس کے حوالے سے عرض کر رہا ہوں اور وجہ بتا رہا ہوں کہ تیاری کے لیے کیوں تھوڑا سا وقت چاہیے۔ آپ note کریں گے کہ اس میں پاکستان پیپلز پارٹی نے۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تاج حیدر صاحب، میں نہیں سمجھا کہ کیوں تھوڑا سا وقت چاہیے۔

سینیٹر تاج حیدر: جی میں وقت چاہ رہا ہوں کیونکہ میں نے 27 Senators کی لسٹ دی ہے۔ ان تمام سینیٹرز کو brief کرنا ہے۔ اس صورتحال میں پاکستان پیپلز پارٹی چاہتی ہے کہ ہر سینیٹر اس floor پر ان crises کو سامنے لائے۔ لہٰذا میں آپ سے گزارش کروں گا کہ آج حکومت کی طرف سے ایک دو تقریریں ہو جائیں۔ اس کے بعد پھر ہم اگلے اجلاس میں ان تمام چیزوں کو لائیں گے، ویسے بھی the real thanks to the President are owed to the Government کیونکہ حکومت۔۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے۔ مشہدی صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، جی جناب۔

Discussion on the President's Address to both the Houses on 1st June, 2016

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you very much sir. This House must express its

deep prestige to His Excellency, the President of Pakistan for his address to the Joint Session in which he covered the various aspects and he gave the vision and direction of his Government. It is like the State of the Union address which is given by the American President which is supposed to cover all aspects.

جہاں میں صدر صاحب کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے بہت اچھی طرح، بہت اچھے points پر بحث کی ، بڑی نیک خواہشات پاکستان کے لیے بیان کیں اور ہمیں اچھی direction دی کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے، کیا ہونا چاہیے، کیا کوشش ہو رہی ہے۔ پورے خطاب میں یہی تھا کہ کیا ہونا چاہیے، کیا envisaged ہے، جو کہ اپنی جگہ پر تو بالکل ٹھیک ہے مگر پورے خطاب میں جو most important aspect, most important چیز جو سامنے آئی تھی، وہ وہ نہیں تھا جو محترم صدر پاکستان نے کہا۔ پورے خطاب میں وہ important تھا جو انہوں نے نہیں کہا۔ انہوں نے مہنگائی پر کچھ نہیں کہا۔ پاکستان کے غریب، پسے ہوئے اور دکھی عوام جس طرح مہنگائی میں suffer کر رہے ہیں۔ جس طرح prices sky rocketing ہوتی جا رہی ہیں، نرخ بڑھتے جا رہے ہیں، بڑھتے جا رہے ہیں اور صرف ایک مثال یہ ہے کہ بکرا عید آ رہی ہے اور پہلے ہی سے پیاز، آلو اور ٹماٹر کی قیمتیں دگنی ہو گئی ہیں۔ حکومت نے صدارتی خطاب میں کوئی mechanism نہیں دیا تھا کہ قیمتیں کیسے کنٹرول کریں گے۔ اگر یہ کنٹرول نہیں کریں گے تو پاکستان کے عوام دکھی ہوں گے۔ مہنگائی کھا جاتی ہے، جب انسان کا پیٹ خالی ہو تو وہ ہر چیز بھول جاتا ہے، وہ تمیز بھی بھول جاتا ہے، تہذیب بھی بھول جاتا ہے، اس کو صرف یہ فکر ہوتی ہے کہ اپنے بچوں کو رات کو کم از کم ایک روٹی کیسے کھلاؤں۔ جتنی بھی social evils ہیں، ان کی طرف اس کا دماغ چلا جاتا ہے، ان کی طرف سوسائٹی چلی جاتی ہے اور بگڑ جاتی ہے۔ اس important aspect پر صدر صاحب نے توجہ نہیں دی یا ہمیں direction نہیں دی۔

امن وامان پر انہوں نے ضرور بات کی۔ فوج نے جس ہمت سے، جس جذبے سے، جن قربانیوں سے فاٹا اور باقی علاقوں میں دہشت گردوں، درندوں کا مقابلہ کیا، یہ پاکستان کے دشمن

ہیں جو انہوں نے قربانی دی، ہم بھی اس کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور صدر صاحب نے بھی اس کو سراہا اور وہ بہت اچھی بات ہے مگر باقی امن وامان پر جو کہ

There is deteriorating law and order situation throughout the country. This is failure of the normal State apparatus, normal law enforcing agencies, especially, in Sindh, Punjab and Balochistan. No democratic country can take pride that our defence forces are looking after our law and order or our civil-military forces are deployed and looking after the law and order. This does not reflect on good democratic governance in any country in the world. We should realize this. This is a black spot on the governance in Pakistan.

جو ہمارا normal apparatus ہے، پولیس ہے، civil agencies ہیں جن کا کام ہے یا ہماری civil administration ہے، اس کی exact failure پر صدر صاحب نے توجہ نہیں دی، اس پر کارروائی نہیں ہوئی۔

ہمارے وزیر داخلہ نے on the floor of the House بتایا کہ اللہ کے فضل وکرم سے پاکستان کی آنکھیں اور کان جو کہ ہماری intelligence agencies ہوتی ہیں، وہ بڑا اچھا کام کر رہی ہیں، میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں، جو انہوں نے جانیں بچائی ہیں، اچھی intelligence ہے، timely intelligence ہے۔ ان کی کاوشوں کی وجہ سے جس طرح لوگوں کی جان بچی ہے۔ مگر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ اگر وہ intelligence report حکومت کو ملی، وقت پر ملی۔ ہمارے ان چھوٹے چھوٹے بچوں کو درندوں، butchers نے جس طرح شہید کیا، جس طرح ہمارے ہزارہ قبیلہ کے لوگوں کو ہر مرتبہ سو سے زیادہ تعداد میں شہید کیا، جس طرح ہمارے وکیلوں کو شہید کیا، مردان اور دیگر جگہوں پر۔

جب intelligence agencies report دے دیتی ہیں، جب وہ اپنا اچھا کام کر دیتی ہیں تو پھر باقی کام حکومت کا ہوتا ہے law enforcing agencies کا ہوتا

ہے۔حکومت کی Ministry of Interior اس تمام معاملے کو coordinate کرتی ہے اور صوبوں میں جو Home Departments ہوتے ہیں، ان کا کام ہوتا ہے۔ لہٰذا انہوں نے کوئی خاص کام نہیں کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو brief نہیں کیا گیا تاکہ ہماری intelligence agencies کے اچھے کاموں کو سراہا جائے اور ہماری حکومت کی کوتاہیوں کو تھوڑا سا highlight کرتے ہیں so that improvement ہو، تاکہ پاکستانیوں کی قیمتی جانیں بچ جائیں۔

اس کے بعد آپ دیکھیں کہ بڑے بڑے وعدے کیے گئے کہ تین ہفتوں میں ہم پورے پاکستان کی بجلی ٹھیک کر دیں گے۔ پھر کہا گیا کہ تین مہینوں میں کر دیں گے، پھر کہا گیا کہ تین سالوں میں کر دیں گے۔ حال تو پہلے سے ہی برا ہے، وہی load shedding ہے، وہی حالت ہے۔ کروڑوں روپوں کے mega projects کے بارے میں ہم سنتے رہتے ہیں۔ یہ تو mega projects, mega profits, mega commissions, mega corruptions کے بارے میں سنتے رہتے ہیں لیکن بجلی کی حالت ٹھیک نہیں ہوئی۔ اس پر اگر صدر صاحب نوٹس لیتے کہ اتنے سال گزرنے کے بعد اور اتنا پیسا خرچ کرنے کے بعد بھی ہمارے عوام کو بجلی نہیں ملی جو کہ ایک basic amenity ہے۔ میں کہتا ہوں کہ باقی معاملات کا کیا بنے گا۔

President Sahib is very soft and kind hearted. ان کی سوچ پر پاکستان میں کسی کو کوئی شک نہیں ہے۔ ان کی ایک عزت ہے اور ان کی ایک اپنی personality ہے۔ اس کو تو میں appreciate کر سکتا ہوں اور جو جو انہوں نے کہا ہے میں اس کو بھی appreciate کر سکتا ہوں۔ یہ جو Presidential Address ہوتا ہے یہ all encompassing ہوتا ہے۔ اس میں آپ نے اپنے ملک کو دیکھنا ہوتا ہے، اپنے ملک کے عوام کی حالت دیکھنی ہوتی ہے۔ ہماری غریب عوام کو ابھی تک انصاف نہیں مل رہا ہے۔ انصاف جس پر بہت ضرورت تھی، صدر محترم کی توجہ اس طرف نہیں گئی۔ جب تک لوگوں کو سستا انصاف نہیں ملے گا اس وقت تک پاکستان میں اچھی قسم کی governance نہیں ہو سکتی۔ جب تک complete, clear and distinct difference نہیں ہو گا، قانون نافذ

کرنے والوں میں اور قانون توڑنے والوں میں، جب تک قانون نافذ کرنے والوں کی moral authority high نہیں ہو گی اس وقت تک امن قائم نہیں ہو گا۔

ہم سنتے ہیں missing persons کے بارے میں۔ صدر کے پورے خطاب میں اس کے بارے میں مجھے کچھ نظر نہیں آیا۔ میں نے بڑی تفصیل سے اس کو پڑھا۔ ہماری governance یہ ایک کالا داغ ہے۔ جب ایک due process of law exist کرتا ہے، جب قانون exist کرتا ہے، کوئی نہیں کہتا کہ کسی کو arrest نہ کرو۔ جو slightly سا بھی guilty ہے، اس کو بھی arrest کرو اور جو fully guilty ہے اس کو بھی arrest کرو، چاہے وہ کسی پارٹی کا بھی ہو، چاہے وہ کسی بھی social status کا ہو، چاہے وہ امیر ہو، چاہے وہ غریب ہو، اس کو arrest کرو، مگر قانون کے تحت کرو، under the due process of law arrest کرو، in accordance with the law کرو، ان کو arrest کر کے magistrate کے سامنے پیش کرو تاکہ ان کے جو next of kin کو تو معلوم ہو کہ وہ کہاں ہیں۔ The honourable Supreme Court of Pakistan یہ معلوم کرنے میں لگی ہوئی ہے لیکن ابھی تک missing persons کا کوئی پتہ نہیں ہے۔ یہ ایک توجہ طلب مسئلہ ہے جس پر صدر صاحب کو بھی توجہ دینی چاہیے تھی جو نہیں دی گئی۔

اس کے علاوہ یہ جو پولیس مقابلے ہو رہے ہیں اور وہ پنجاب میں خاص طور پر۔ ٹھیک ہے اگر وہ گندے لوگ ہیں، خراب لوگ ہیں یا اس قسم کے لوگ ہیں تو ضرور کریں لیکن کسی کو حق نہیں ہے کہ وہ judge, jury and executioner بن جائے۔ کسی بھی اچھی سوسائیٹی میں یہ حق آپ کسی کو نہیں دے سکتے۔ Rule of law must prevail and it must be seen to prevail. لہٰذا ان چیزوں پر ان کو توجہ دینی چاہیے تھی مگر انہوں نے نہیں دی بلکہ انہوں نے نہیں ان کا staff, feeders ان کے notice میں یہ چیزیں نہیں لائے۔

باقی آپ دیکھیں کہ ہمارے ملک میں uncertainty ہے۔ اگر ہم فارن پالیسی پر تھوڑی سی زیادہ توجہ دیں کیونکہ ان کی جو اپنی vision ہے وہ definitely Government کی performance سے بہت اچھی ہے۔ اس وقت ہم

isolated ہیں۔ اس وقت ہمیں اپنے دوست نظر نہیں آ رہے ہیں۔ اس وقت آپ پاکستان کی فارن پالیسی کو ایک failure کہہ سکتے ہیں۔ اس لیے اس پر بھی توجہ کی سخت ضرورت تھی اور ان کو کوئی direction دینی چاہیے تھی جو کہ missing ہے۔

میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا اس اہم topic پر بات کرنے کا۔

The honourable beloved President of Pakistan is a highly respected figure. His speech was very balanced. His speech was good as far as it went. The only thing that we can say is, what he said was perfect, what he did not say is alarming because the situation prevailing in the country requires a surgical operation, like it requires for the treatment of cancer and that cannot be done by aspirin. We have to have a visionary Government. We have to have a Government that cares, we have to have a Government that cares for the people, we have to have the governance that looks after the teaming millions, the oppressed, suppressed, neglected, rejected, the dejected people of Pakistan today and with that I want to thank you, sir, for giving me the opportunity. Let us hope for a better tomorrow and even if we follow the directions given by his Excellency, the President of Pakistan, even if the Government is to follow his directives and his advices, I am sure the governance would improve. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Senator Javed Abbasi Sahib.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر جاوید عباسی صاحب۔

Senator Muhammad Javed Abbasi

سینیٹر محمد جاوید عباسی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! صدر صاحب نے یکم جون 2016 کو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کیا اور یہ آرٹیکل 56 کے سب آرٹیکل (3) کی requirement ہے جو سال کے شروع میں پارلیمان میں آتے ہیں اور خطاب کرتے ہیں۔ اس کے بعد دونوں ایوانوں کے ممبران اپنی speech میں اس پر اظہار خیال کرتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر صدر صاحب کی تقریر کو غور سے پڑھا جائے تو انہوں نے بیرونی چیلنجوں کا بھی احاطہ کیا ہے، اس کا بھی راستہ بتایا ہے اور جو پاکستان میں چیلنجز ہیں اس پر بھی بات کی ہے۔ پاکستان کی معیشت کے بارے میں بات کی ہے، اس ریجن کو جو اس وقت challenges ہیں اس پر بھی بات کی ہے۔ ظاہر ہے جب صدر پاکستان تقریر کرتے ہیں تو وہ اپنی پالیسی دیتے ہیں اور شاید ہر چیز کو discuss کرنا ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے بڑی comprehensive speech اس وقت کے مطابق، موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے کی ہے۔ یہ بڑی balanced speech تھی۔

جناب والا! سب سے پہلے انہوں نے ملکی معیشت کے بارے میں ذکر کیا پھر انہوں نے موازانہ کیا کہ حالات کیا تھے، پہلے سال کیا تھا، اس سے پہلے کیا تھا اور آج کیا ہیں۔ یقیناً انہوں نے حکومت کے financial discipline کی تعریف کی، انہوں نے جو ہماری معیشت بہتر ہو رہی ہے، دنیا کہہ رہی ہے، سارے ممالک کہہ رہے ہیں، سارے سروے بھی کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کی معیشت right direction میں جا رہی ہے، اس میں جو بہتر فیصلے کئے گئے ہیں اس کا ذکر کیا ہے۔ انہوں نے شاندار انداز میں China Pakistan Economic Corridor کا بھی ذکر کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس کے آنے سے اس ریجن میں بڑی تبدیلی آئے گی اور پاکستان میں اتنی بڑی investment آ رہی ہے اور اس کو انہوں نے بڑے شاندار انداز میں ذکر کیا ہے۔ ہمارے ساتھی سمجھے ہیں کہ شاید ایک سڑک کا نام ہے جس کے بارے میں انہوں نے کہا ہے کہ اس میں جو 47 billion dollar آ رہا ہے۔ سب سے زیادہ پیسہ energy sector میں خرچ ہو گا۔

جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ پچھلے سالوں میں انرجی کا بہت بحران رہا ہے، ایک وقت تھا کہ سولہ، سترہ گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی تھی جو اب کم ہو کر چار پانچ گھنٹے پر آ گئی ہے اور انشاء اللہ

اس حکومت کا وعدہ ہے کہ انشاء اللہ 2018 تک ہم نے لوڈ شیڈنگ کو ہمیشہ کے لیے ختم کر کے جانا ہے۔ ابھی کرنل صاحب کہہ رہے تھے کہ انہوں نے date نہیں دی اور انشاء اللہ تعالیٰ اس پر قائم و دائم ہیں اور اس پارلیمنٹ کے آخری اجلاس سے پہلے انشاء اللہ اس کا خاتمہ ہوگا، اس پر 36 billion dollar خرچ ہوگا۔ سب سے زیادہ خوشی کی بات ہے کہ صوبہ سندھ میں کارخانے لگیں گے، خیبر پختونخوا میں لگیں گے، بلوچستان میں لگیں گے، یہ پراجیکٹ کسی ایک علاقے کا نہیں ہے، کسی صوبے کا نہیں یہ پاکستان کا پراجیکٹ ہے۔ اس سے پاکستان میں خوشحالی آئے گی، پاکستان کے صوبوں میں خوشحالی آئے گی، انشاء اللہ انڈسٹریل زون بنیں گے، لوگوں کو نوکریاں ملیں گی، اس سے بڑا فائدہ ہوگا صدر صاحب نے اس کا بڑا comprehensive ذکر کیا ہے۔ انہوں نے پاکستان میں جو growth ہوئی ہے اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ یہاں پر نعمان وزیر صاحب ابھی تقریر کریں گے، میں ان کی بھی توجہ دلا دوں کہ ہمارے جو foreign reserves تھے الحمد للہ بائیس بلین کو cross کر گئے ہیں، تاریخ میں سب سے بڑی کامیابی ہے، میرے خیال میں بابر صاحب کی جب حکومت گئی تو گیارہ بلین تھے۔ ہمیں ورثے میں ملے تھے، اتنی بڑی کامیابی ہو رہی ہے، مجھے یقین ہے کہ دوست اس پر خوشی کا اظہار کریں گے اور یہ بات بتائیں گے کہ اس ملک کی بہتری کے لیے یہ کام کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! صدر صاحب نے جو دوسرا بڑا issue discuss کیا وہ terrorism تھا، جس کا آج بھی ہمیں سامنا ہے، جو اس ملک کا سب سے بڑا ناسور تھا، ہے اور وہ اس ملک کی معیشت کو بھی اور اس ملک کے اداروں کو بھی تباہی کے دہانے پر لے گیا جس پر یہاں بڑی comprehensive بحث ہوئی ہے۔ اس کا بھی انہوں نے ذکر کیا ہے۔ انہوں نے افواج پاکستان اور تمام law enforcement agencies کا بھی ذکر کیا جنہوں نے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کام کیا۔ انہوں نے انہیں بڑا خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے پاکستان آرمی کو بڑا خراج تحسین پیش کیا ہے، جو ضرب عضب کے ذریعے پاکستان میں امن لائے۔ کرنل صاحب کی میں کمی محسوس کر رہا ہوں انہوں نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ کراچی میں ہم جو امن لے کر آئے ہیں اور کراچی جس کو لوٹا جا رہا تھا۔ دن دیہاڑے لوگوں کو اغوا کیا جا رہا تھا، وہاں پر لاشیں گرائی جا رہی تھیں، جہاں بھتہ خوری ہو رہی تھی، اغوا برائے تاوان کے cases ہو رہے تھے، الحمد للہ رینجرز اور وہاں کی حکومت کو بھی میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں، جو کپتان بنائے گئے

تھے، پہلے بھی اور آج بھی سب مل کر کراچی میں امن لائے، آج وہاں کی روشنیاں بحال ہوئی ہیں۔ آج کراچی کے لوگ اطمینان اور سکھ کا سانس لے رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! کراچی ایک ایسا بڑا شہر تھا جو پورے پاکستان کے لیے contribute کرتا ہے۔ پورے پاکستان سے لوگ جا کر وہاں رہتے ہیں، کاروبار کرتے ہیں۔ جن لوگوں نے اور جماعتوں نے اس کو تباہی کے دہانے پر پہنچایا تھا ان کا بھی حساب لیا جا رہا ہے اور لیا جائے گا، وہاں پر بڑا امن لایا گیا ہے۔ صدر صاحب نے اس کا بھی ذکر کیا ہے اور کرنل صاحب اگر اس کا ذکر کرتے تو مجھے اور خوشی ہوتی۔

جناب والا! اسی طرح خیبر پختونخوا اور دوسرے صوبوں میں بہتری لانے کے لیے، law and order بہتر کرنے کے لیے، انہوں نے بلوچستان کی بات کی ہے، انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان کی development کی بات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں development ہونی چاہیے۔ قبائلی علاقہ چونکہ ان کے direct control میں آتا ہے چنانچہ انہوں نے قبائلی علاقے کی بھی بات کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس کو ہم develop کریں گے۔ اس میں reforms لائیں گے، قبائلیوں کی مرضی کے مطابق ان کے future کا فیصلہ ہونا ہے۔ انہوں نے law enforcement agencies کا بڑا ذکر کیا ہے اس میں ساری ایجنسیاں شامل ہیں کہ پاکستان میں امن لانے کے لیے انہوں نے بڑی کوشش کی ہے۔

جناب چیئرمین! انہوں نے کشمیر کے مسئلے پر، جو اس وقت بڑا burning issue بھی تھا، اس وقت ساری دنیا کی توجہ بھی تھی، ہمارے کشمیری بھائیوں کے ساتھ بڑی زیادتی ہو رہی ہے۔ انہوں نے یہ پیغام دیا کہ پاکستان اور پاکستانی عوام ان مظلوم کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہم کیا چاہتے ہیں، ہم یہ چاہتے ہیں کہ UNO کی resolution کے مطابق اس کا فیصلہ ہونا چاہیے، صدر صاحب نے اس پر بات کی ہے۔ صدر صاحب نے اپنی فارن پالیسی کا بھی ذکر کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے پڑوسی ممالک کے ساتھ تعلقات کیسے ہونے چاہئیں۔ صدر صاحب نے اس پر بھی guideline دی ہے کہ ہمارے تعلقات افغانستان کے ساتھ، چائنا کے ساتھ اور جو دوسرے ہمارے پڑوسی ممالک ہیں اور خاص طور پر انہوں نے اسلامی ممالک کا بھی ذکر کیا ہے کہ ان کے ساتھ بھی جو ہمارے تعلقات ہیں وہ اچھے ہونے چاہئیں اور الحمد للہ ہم اچھائی کی طرف جا رہے ہیں۔ یہ ساری باتیں تھیں جو صدر صاحب نے اپنی تقریر میں cover کی ہیں۔

جناب چیئرمین! میں زیادہ بات نہیں کروں گا، آپ بار بار میری طرف دیکھ رہے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ میں نے زیادہ وقت لے لیا ہے میں نے کرنل صاحب سے زیادہ وقت نہیں لیا ہوگا۔ میں آپ کا بڑا مشکور ہوں، یہ balanced speech تھی، بڑی اچھی تجویز تھی، حکومت کے لیے guideline دی گئی ہے اور ہر سال یہ تقریر ہوتی ہے، میں سمجھتا ہوں کوئی ایسا issue نہیں تھا جس پر صدر صاحب نے بات نہیں کی۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں جاوید عباسی صاحب آپ پر وقت کی پابندی لگانا نہیں چاہتا تھا۔ میں آپ کی تقریر میں دلچسپی لے رہا تھا۔ راجہ صاحب آپ motion move کرنا چاہتے ہیں۔

Motion Under Rule 172 F moved by Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the House regarding nomination of members of the Senate to the Public Accounts Committee

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: I beg to move under Rule 172 F of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012 that this House authorizes the Chairman Senate of Pakistan to make nomination of members of Senate to the Public Accounts Committee in consultation with the Leader of the House and Leader of the Opposition in the Senate, in case of any difficulty arising due to the scheme of equal representation of all Federating units and Treasury and Opposition Benches in the 6 members nomination, the House further authorizes the Chairman Senate to make final decision and also to make changes in the nominations as and when required.

Mr. Presiding Officer: It has been moved that under Rule 172 F of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012 that this House authorizes the Chairman Senate of Pakistan to

make nomination of members of Senate to the Public Accounts Committee in consultation with the Leader of the House and Leader of the Opposition in the Senate, in case of any difficulty arising due to the scheme of equal representation of all Federating units and Treasury and Opposition benches in the 6 members nomination, the House further authorizes the Chairman Senate to make final decision and also to make changes in the nominations as and when required.

(The motion was adopted)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جنرل قیوم صاحب۔

Further discussion on the Presidential Address

Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qayyum

سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم: جناب چیئرمین! دنیا میں مختلف ممالک میں یہ روایت ہے کہ سال میں ایک مرتبہ Head of the Government, جو چیف ایگزیکٹو بھی ہو یا کوئین یا گورنر جیسے ہانگ کانگ میں ہے وہ اپنے ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ بتاتے ہیں کہ کیا صورت حال ہے اور اگلے سال میں بہتری لانے کے کون سے راستے ہیں۔ امریکہ میں بھی جارج واشنگٹن سے لے کر ابھی تک ایسا ہی ہو رہا ہے۔ پہلے یہ لکھ کر دیا جاتا تھا، ابھی بول کر تقریر ہوتی ہے۔ پاکستان کے آئین کی بھی یہ ضرورت ہے اور اس پر ہمارے ریاستی سربراہ صدر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ اس لیے اس پر تبصرہ بھی ہم اپنی پارٹیوں سے بالاتر ہو کر یہ دیکھتے ہیں کہ کون سی چیزیں کہی گئیں ہیں، کتنی سود مند تھیں اور کون سی چیزیں اور ہیں جس پر دھیان دینا ضروری ہے۔ میرے خیال میں اور نہایت دیانتداری سے میں یہ کہتا ہوں کہ صدر صاحب کی جو تقریر تھی یہ انتہائی balanced تقریر تھی جو ہم نے سنی ہے۔ ان حالات میں جب پاکستان مشکل ترین صورت حال سے دوچار ہے۔ صدر صاحب نے تقریباً ہر issue کو بڑے اچھے انداز سے touch کیا اور بڑا comprehensive stipulated time frame تھا اس کے اندر جو کچھ وہ کہہ سکتے تھے وہ بڑے احسن انداز میں انہوں نے highlight کیا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ پاکستان میں مسائل کوئی نہیں یا پاکستان کے challenges surmount کر

گئے ہیں یا آگے کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان کی تقریر کی تقریباً جو میں نے نوٹ کیا چار important cites تھیں۔

جناب چیئرمین! انہوں نے سب سے پہلے اس سے شروع کیا کہ ملک میں جو democratic dispensation ہے، یہ جو ہمارے پاس ایک آئینی infrastructure ہے، جمہوریت کا گھروندا ہم نے بنایا ہوا ہے اس کی بڑی اہمیت ہے اور اگر ملک نے ترقی کرنی ہے، آگے چلانا تو اس فریم ورک کو ہمیں مضبوط کرنا ہوگا۔ اس فریم ورک کے اندر رہتے ہوئے اور بہتری کی توقع ہے۔ حکومتیں جو آتی ہیں وہ کوشش کرتی ہیں، اپوزیشن کا اپنا role ہوتا ہے وہ بھی contribute کرتے ہیں۔ پہلی بات جو انہوں کی وہ یہی تھی، جمہوریت کی جب وہ بات کر رہے تھے تو انہوں نے یہ کہا کہ پائیدار ترقی اور استحکام کے مقاصد جمہوریت کے بغیر ممکن نہیں، یہ بڑی وزن دار بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سیاسی بلوغت کی جانب پیش قدمی ضروری ہے اسی کے ذریعے ہم آگے چل سکیں گے۔ آج اللہ کا کرم اور ہماری خوش قسمی ہے کہ ہم ایک ایسے set up میں ہیں جہاں ہم دل کی بات کھل کر کر سکتے ہیں اور سنتے بھی ہیں۔ ہمارے پاس جمود، گھٹن یا dictatorship نہیں ہے، Press میں ہو یا floor of the Parliament پر ہو ہم بہتری کی طرف جا رہے ہیں۔ اظہار خیال کی آزادی قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ انہوں نے economic revival کی بات کی۔ اس میں انہوں یہ highlight کیا کہ ہمارے جو micro-economic indicators وہ ہم ہی نہیں بلکہ بین الاقوامی مالیاتی ادارے جو کہ renowned ادارے ہیں جو کہ ہمیشہ منفی خبریں دیتے رہتے تھے۔ اب وہ یہ کہتے ہیں کہ پاکستان کی direction ٹھیک ہے، امید ہے کہ اللہ کے کرم سے یہ بہتری کی طرف جائے گی۔ اس میں بہت سے figures ہیں جو میں نہیں دینا چاہتا کیونکہ وہ ہمارے بھائیوں اور پوری پاکستانی قوم کو پتا ہیں۔ آپ reserves, stock exchange or inflation rates کی بات کر رہے تھے اور کچھ GDP پر progress ہے، یہ ideal نہیں ہے۔ ہمیں بہت کچھ کرنا ہے۔ ہمیں growth oriented economy پر اور stress دینا ہے۔ Energy crisis نے جو تباہی پھیری ہے اس سے ہم ابھی تک نکل نہیں سکے although ہم industry کو energy دے رہے ہیں لیکن اس کے results اگلے دو، تین، چار سالوں میں آئیں گے۔ اس کے علاوہ foreign policy پر

انہوں نے ہر جہت کو دیکھا۔Middle East سے لے کر Central Asian Republicsتک، ایران، سعودی عرب، روس سے تعلقات، SCO کی بات کی تو اس لحاظ سے یہ aspect بھی بڑی اچھی طرح coverہوا ہے۔Security کی بات ہوئی کہ security situation improveہوئی ہے۔

جناب چیئرمین! اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ اللہ کے کرم سے with the passage of time situation improveہوئی ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ 2013 تک آپ اپنی National Day Paradeبھی منعقد نہیں کر سکتے تھے۔ 23 مارچ کی پریڈ کرانا ہمارے لیے بہت مشکل تھی اور یہ جنرل پرویز مشرف صاحب کے time پر بھی یہ ممکن نہیں تھا کہ troops کو بھی اسلام آباد، کراچی کے ایریا میں اکٹھا ہونے دیں کہ کہیں وہ دہشت گردوں کو collective target پیش نہ کریں، ہم اتنے un-safe ہو گئے تھے۔ اللہ کا کرم ہے اور آپ دیکھتے ہیں کہ ہمارے جہاز فضا میں بلند ہوتے ہیں، ہمارے ٹینک سامنے roll up کرتے ہیں، قوم کا morale high ہوتا ہے۔ ایک وقت تھا جب even President House and Prime Minister House میں underground افتتاح ہوتے تھے خواہ کسی بند کا افتتاح کرنا ہے یا کچھ اور کرنا ہے، باہر نکالنا مشکل تھا۔ سارے فیتے President House and Prime Minister House کے اندر کاٹے جاتے تھے۔ آج اللہ کے فضل وکرم سے ہمارے Prime Minister, Chief Ministers, مختلف وزراء، پاکستان کے کونے کونے میں move کر رہے ہیں تو situation improve ہوئی ہے۔ یہ ایک اچھی بات ہے اللہ کرے گا کہ آنے والے دنوں میں اور بہتری ہو گی۔ انہوں نے defence کی بات کی اور بڑے احسن طریقے سے ہماری security agencies کو سراہا۔ یہ credit ان کو جاتا ہے کہ انہوں نے situation کو improve کیا ہے۔ اس کی مزید بہتری کے لیے اور بہت کچھ کیا جا سکتا ہے۔ جو چیزیں ہمارے لیے ضروری ہیں، جس پر اور stress lay کرنا ہے وہ judicial reforms, جن پر ہم بہت کام کر رہے ہیں۔ تین سال گزر چکے ہیں ہم فوری طور پر judicial reforms کریں تاکہ لوگوں کو door step پر انصاف ملے۔ ہم نے بڑی efforts کی ہیں اور سینیٹ نے خصوصاً گلیدی role ادا کیا ہے۔ ہم ball تو پوری field میں role کرتے رہے

ہیں لیکن صحیح پتا تب لگے گا جب ہم ڈی کے اندر جا کر گول کریں گے۔ وہ تب ہو گا جب judicial reformsایسی لگائی جائیں گی جو لوگوں کے مفاد ہو، لوگوں کے cases pendingہیں، زندگیاں گزر جاتی ہیں لیکن مسائل حل نہیں ہوتے، پنچائیتیں کام نہیں کر رہی۔ سول جج، سیشن جج، وکلا کے مسائل، ان ساری چیزوں کو حل کرنے کے لیے جلدی کرنا ہے۔ یہ ہماری حکومت اور ہمارے کندھوں پر ہے اس میں ہمیں اپوزیشن کا تعاون ضرور چاہیے۔ FATA reforms پر بہت کام ہوا ہے پچھلے ستر سالوں میں جو نہیں کر سکے یہ حکومت کرنا چاہتی ہے۔ اس میں creditحکومت ہی نہیں پوری پارلیمان کو جاتا ہے۔ ہم اپوزیشن کے مشکور ہیں کہ ہمارے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ سرتاج عزیز صاحب کی سربراہی میں جو کمیٹی بنی ہے اس نے اپنی بڑی جامع proposalsبنائی ہیں جو کہ ابھیdiscussہوں گی ان کو ہم نے آگے لے کر جانا ہے۔ Electoral reforms,ہم بہت لمباprocessکرتے ہیں، ٹھیک ہے ایسی چیزوں میں وقت تو لگتا ہے مگر آپ ان کو ایکspeedلگا کر آگے چلائیں تو بہتر ہو گا۔ افغانrefugeesکی repatriationکو ہمیں expediteکرنا ہے کیونکہ یہ بڑا اہم aspectہے۔ وہ expediteہو رہا ہے اور مجھے بتایا گیا ہے کہ 500 families per dayجا رہی ہیں۔

جناب چیئرمین! آخریpointمردم شماری کا مسئلہ، یہ بہت ضروری ہے۔ یہ ہماری قوم کی ترقی کے لیے بہت اہم ہے۔ ہم نےeducation reformsکرنی ہیں تو ہمیں پتا ہو کہ literacy rate or levelکیا ہے۔ ہم نے اگرhealth reformsکرنا ہیں تو ہمیں پتا ہو کہ ملک میںhealthکیstateکیا ہے، کتنے لوگ بیمار اور کتنے اپاہج ہیں۔ ہم نے اگر بیواؤں کیBenazir Income Supportکے تحت مدد کرنی ہے تو ہمیں صحیح اندازہ ہونا چاہیے کہ کیا کرنا ہے۔ اس لیے مردم شماری انتہائی اہم ہے، ہم اس کوdelayکر رہے ہیں۔ اس میں ہمیں صوبوں کے تعاون کی ضرورت ہے۔ یہ کوئی ریفرنڈم نہیں ہو رہا کہ ایک ہی وقت میں پورے ملک میں کرانا ضروری ہے۔ اس کو bits and piecesمیں کرائیں۔ اس processکو1998 سے لے کر ابھی اٹھارہ سال ہو گئے ہیں۔ انڈیا پچھلے150سالوں سے ہر دس سال کے بعد مردم شماری کراتا ہے۔ ہماری آبادی بڑھ گئی ہے اس آبادی کےlevelپر آپ نےresourcesکو تقسیم کرنا ہے۔ یہ ایکimportantچیز ہے اور اس کا آگے چلنا بہت ضروری ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جنرل صاحب میں آپ کا بہت زیادہ مشکور ہوں کہ آپ نے وقت کا خیال رکھا۔ نیازی صاحب آپ سے درخواست ہے کہ ایک ممبر اس طرف سے لے لیتے ہیں پھر آپ کا نمبر آ جائے گا۔ سینیٹر نعمان وزیر صاحب نے درخواست بھی کی ہے کہ انہوں نے جانا ہے اس لیے سینیٹر نعمان وزیر صاحب۔

Senator Nauman Wazir Khattak

سینیٹر نعمان وزیر خٹک: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! شکریہ عباسی صاحب۔ صدر کے خطاب کی کتاب مجھے ملی۔ میں اس کو پڑھ رہا تھا۔ بڑا اچھا لگا کہ انہوں نے بتایا کہ حکومت کی پچھلے ایک سال میں کسی performance تھی۔ جو PML(N) کی performance تھی سارا کچھ بتایا، he is a highly respected man پہلے business community Karachi, in Federation of Pakistan Chambers he is a very respected man. مسلم لیگ (ن) میں بھی وہ بہت respected آدمی ہیں۔ جناب! جو میں feel کرتا ہوں کہ صدر کا خطاب کیا ہونا چاہیے۔ اس سے پہلے کہ میں بتانا چاہتا ہوں کہ Chinese حکومت کی کیا سوچ ہوتی ہے۔ Chinese حکومت یہ دیکھتی ہے کہ آج سے بیس، تیس، پچاس سال بعد وہ چائنا کو کس طرح کا ملک دیکھنا چاہتے ہیں اور جو اچھے developing ممالک ہیں سب اسی طرح کرتے ہیں۔ چائنا کہ بات میں اس لیے کر رہا ہوں کہ وہ ہمارے قریب ہے اس لیے ہمارا interaction ان سے زیادہ ہے۔ Presidential Address کیا ہونا چاہیے تھا؟ Presidential Address یہ ہونا چاہیے تھا کہ ملک، قوم، عوام کو آپ ایک vision دیتے۔ جنرل قیوم صاحب بیٹھے ہیں، کل جنرل ترمذی صاحب سے میں بڑا impress ہوا کہ فوجی لوگ بڑی سیدھی بات کرتے ہیں۔ کل جو جنرل ترمذی صاحب نے واک آوٹ کیا تو میری ان کے لیے respect بڑھی ہے۔ جنرل قیوم صاحب اور باقی دونوں اطراف سے لوگ ان کے ساتھ گئے۔ جنرل قیوم صاحب نے کہا کہ beyond politics بات کریں، بڑے respected آدمی ہیں I have a lot of respect for him, let us talk beyond party division. ملک کے لیے بات کرتے ہیں۔ ملک کے لیے بات کرتے ہیں، یہ Upper House ہے، یہاں پر mature discussion ہونی چاہیے I have all the respect for the National Assembly as well لیکن یہاں ذرا فرق نظر آتا ہے اور ہونا بھی چاہیے۔

General Sahib, where is that vision for Pakistan کہ آپ پاکستان کو تیس، پچاس سال بعد کہاں لے جانا چاہتے ہیں۔ آپ کا تیس سے پچاس سال بعد کا foreign policy vision کیا ہے؟ آپ کا economic development کا کیا vision ہے؟ آپ کی energy جو ایک source سے تھی، اس کا کیا vision ہے۔ آپ کا finance matters کا کیا vision ہے؟ آپ کا education کا کیا vision ہے؟ I am sorry to say and gentlemen sitting on the left side of aisle, this vision was not at all there. افسوس یہ ہے کہ ہمارا President non partisan ہے he is a neutral person وہ کوئی سوچ اور ideology رکھتے ہوئے آپ کو راستہ دکھائیں، وہ چیز اس تقریر میں نظر نہیں آئی۔

جناب! میں CPEC کی طرف آتا ہوں، پہلے بھی یہاں ہمارے honourable Senators نے بات کی اور آپ نے ایک کمیٹی بنائی، سینیٹر تاج حیدر صاحب بھی تھے، ہم نے جا کر دیکھا. and I tell you sir, all of us were shocked. ہم پہلے بھی shocked تھے لیکن جب جا کر دیکھا تو اور بھی shock ہوا۔ آپ کہتے ہیں کہ راستہ آ رہا ہے، وہ تو دو لین کا راستہ ہے، اس پر اگر ایک trailer خراب ہو گیا تو ساری traffic رک جائے گی پھر آپ کہتے ہیں کہ میں اس کو چار لین کر دوں گا، کام تو شروع ہو۔ پہاڑی کے اندر دو لین کو چار لین کرنا. is humanely not possible. آپ راستہ روک دیں گے rock blasting کرنی شروع کریں گے، کس طرح کریں گے؟ میں تو engineer ہوں، جنرل صاحب بھی engineer ہیں، یہ بھی سمجھتے ہیں کہ. it is not possible. آپ کی سوچ کیا ہے، کوئی clarity نہیں ہے۔ وہاں خنجراب میں Dry Port پر Customs Head نے مجھے بتایا کہ میں دن میں پانچ trailer سے زیادہ handle ہی نہیں کر سکتا۔ ہم اخبار میں پڑھتے ہیں کہ سرکار نے کہا ہے کہ ہم خنجراب میں سترہ سو ایکڑ زمین لے رہے ہیں۔ سترہ سو ایکڑ؟ آپ مجھے خنجراب میں سترہ ایکڑ ہی دکھا دیں۔ کیا باتیں کر رہے ہیں، کس کو کیا بتا رہے ہیں، قوم کو کیا lead کر رہے ہیں، یہ کیا بات ہے؟ آپ نے یہ بچوں کا کھیل بنایا ہوا ہے، یہ ملک کو چلا رہے ہیں، کیا کر رہے ہیں؟

جناب! آپ نے چین کے ساتھ بات کی، simple calculation جو کہ Planning Commission میں ہی نہیں ہے، میں نے پہلے بھی House میں کہا تھا کہ گوادر میں ہر پینتالیس سیکنڈ کے بعد Crude Oil کا ایک tanker اترے گا اور سوست خنجراب سے آٹھ ہزار containers داخل ہوں گے۔ آٹھ ہزار کیا، آپ اس route پر اسی سے دو سو گاڑیاں handle نہیں کر سکتے کیونکہ آپ کی planning ہی نہیں ہے، آپ کر ہی نہیں سکتے ہیں۔ What all this thing is? آپ نے CPEC کے چھیالیس بلین روپے لے لیے لیکن ان میں سے پینتیس بلین روپے تو Exim Bank کا mark up ہے۔ آپ کو گیارہ بلین ملیں گے what is 11 billion? اس کو نااہلی یا جو بھی سمجھیں کہ آپ نے agreement کرتے ہوئے یہ فیصلہ نہیں کیا کہ ٹرک پر toll کیا لگایا جائے گا۔ اگر آپ ایک سو روپے لگائیں تو آپ کو 126 or 130 billion ملتے ہیں۔ آپ نے اس کا فیصلہ ہی نہیں کیا، کیوں نہیں کیا، آپ نااہل تھے، سمجھتے نہیں تھے؟ I doubt اٹی وی پر تو حکومت کے بڑی بڑی باتیں کرنے والے بہت سے وزرا بیٹھے ہیں، بہت سے ideas دینے والے ہیں۔ What is this? You don't even know آپ نے agreement ہی غلط کیا ہے۔ آپ نے اپنے ملک کا interest protect نہیں کیا۔ جناب! میں نے CPEC پر general بات کی ہے۔

میں basic بات کر رہا تھا کہ economic vision نہیں ہے۔ آپ بیٹھ کر لوگوں کے ساتھ مشورہ کریں PML(N) تو اپنی party سے بھی مشورہ نہیں کرتی۔ مجھے عمر ایوب صاحب ملے، انہوں نے چار سال بجٹ پیش کیا ہے، میں نے ان سے پوچھا کہ آپ نے بجٹ میں کسی سے مشورہ کیا تھا، انہوں نے کہا کہ کسی سے نہیں کیا تھا۔ ہم سارے Opposition والے بیٹھے ہیں کیا ہم نے یہاں hoax لگایا ہوا ہے، ہم یہاں باتیں کرتے ہیں، وزیر صاحب ہوتے ہی نہیں۔ Mr. Chairman, I feel totally disgruntled and useless coming over here. ہم یہاں پر question hour میں بات کرتے ہیں، ایک گھنٹے کا question hour ہے، اوپر اور نیچے دو، تین سو لوگ بیٹھے ہوتے ہیں، آپ 300 hours ضائع کرتے ہیں، اس ملک کی productivity کیا ہو گی؟ ہم یہاں question کسی چیز پر کرتے ہیں مثلاً کہتے ہیں سامنے road خراب ہے تو یہ جواب میں کہتے

ہیں کہ ہم نے تو وہاں roads پر اتنا expenditure کیا ہے، irrelevant answer جس کا اس question سے کوئی تعلق ہی نہیں ہوتا پھر جو Chair پر بیٹھے ہوتے ہیں وہ فیصلہ کرتے ہیں کہ جواب آ گیا ہے، بات ختم، آپ چپ کر کے بیٹھ جائیں اور ہم بیٹھ جاتے ہیں۔ What are we getting کہ یہ اتنی ineffective parliament ہے۔

جناب! آج صبح بات ہو رہی تھی کہ اسلام آباد safe city بنا ہے، ساڑھے بارہ بلین روپے خرچ ہوئے ہیں یعنی بارہ ہزار پانچ سو ملین اور انیس سو کیمرے لگے۔ میں KPK میں Chairman TEVTA تھا، میں نے پچاس ملین میں چار ہزار کیمرے لگائے ہیں۔ یہ کس کو بے وقوف بنا رہے ہیں؟ یہ کیمرے کام کرتے ہیں لیکن آپ کسی کو پکڑ ہی نہیں سکتے۔ کہا جا رہا تھا کہ یہ کیمرے number plate and face recognition کریں گے کہ رحمٰن ملک ابھی ادھر سے گزرے ہیں یا ادھر سے، یہ face recognition کرتے ہی نہیں، وہ software face recognize ہی نہیں کرتا۔ With all respect to Senator Sahib sitting here آپ کو چین نے x-ray vans دی ہیں، وہ کھڑی ہیں، ان میں سے ایک بھی کام نہیں کرتی، اس کے نیچے سے گاڑی میں دو من چرس ڈال کر گزار لو، وہ پکڑے گی ہی نہیں۔ وہ دیکھتی نہیں ہے because there is some flaw in the system اور purchase ہی خراب ہوئی ہیں۔ ان کو چھوڑیں، ان کیمروں کی بات کریں کہ حکومت نے ان پر ساڑھے بارہ ارب خرچ کر دیے اور result zero ہے۔

جناب چیئرمین! کل بات ہو رہی تھی، یہاں وزیر صاحب نے کہا کہ یہ intelligence report تھی and I was shocked میں تو تھا نہیں، مجھے colleagues نے بتایا کہ انہوں نے یہاں admit کیا کہ یہاں intelligence report تھی کہ Army Public School پر اور پاکستان میں جتنی بھی major catastrophes ہوئی ہیں، ان کی intelligence report تھی اور ہم نے law enforcement agencies کو بتا دیا تھا مگر انہوں نے کوئی action نہیں لیا۔ Now cause of action lies on our part کہ ہمیں یہ چیز پتا چل گئی، ہم نے حکومت کو کیا کہا کہ آپ اس پر enquiry کریں۔ Worthy Senator Sahib نے بہت اچھا کہا کہ اس پر enquiry کی جائے Federal Government or Provincial

Government ہوجب آپ کو بتا دیا تو someone should have enquired it. یہ جھوٹ بول رہے ہیں یا وہ ineffective تھے۔ جب کوئی action ہو جائے تو ان کا طریقہ واردات یہ ہے کہ put the blame on provinces or something. وہ صوبہ سندھ میں ہوا یا خیبر پختونخوا میں ہوا we will take the Sindh province and KPK province to the task لیکن اس چیز کو اس طرح چھوڑنا ٹھیک نہیں ہے۔

جناب! اب power sector کی بات کرتے ہیں، نندی پور is a living example, why do you want to generate electricity on 60000 megawatts hydel side جب کہ 14, 15 or 16 rupees سے مل سکتی ہے۔ سولر پر تین روپے یونٹ میں بجلی بنتی ہے۔ ابھی دبئی میں tender ہوا تو تین cents rate آیا یعنی تین روپے اور یہاں نندی پور کے لیے آپ بار بار نیپرا کے بریگیڈئیر طارق سدوزئی کے پیچھے پڑتے ہیں کہ اس کا rate increase کر دو۔ کل بھی hearing ہوئی، اس نے کل پھر refuse کر دیا۔ میں کہتا ہوں کہ صدر صاحب کو vision دینا چاہیے تھا کہ energy sector میں ہمارا کیا vision ہے، ہم solar میں جانا چاہتے ہیں، cheep energy with less carbon footprint یا کیا چاہتے ہیں۔ مجھے ایسی کوئی چیز نظر نہیں آئی۔

جناب! ایک اور چیز صدر صاحب کو بتانی چاہیے تھی، حکومت کا جو طریقہ واردات ہے اور میں اس کو ایک، دو لفظوں میں کہتا ہوں "buy them or blackmail them" this is the motto of the Government. میں اپنی PTI party کا نام لیتا ہوں کسی اور کا نہیں کہتا کہ buy them out کوئی financial favour دیں، کچھ کریں یا ان کو blackmail کریں۔ وہ چونکہ PTI کو buy out نہیں کر سکتے تو اب blackmail میں پڑ گئے ہیں۔ جہانگیر ترین اور باقی لوگوں کے پیچھے پڑ گئے ہیں اور blackmail کرنے کے طریقے استعمال کر رہے ہیں کہ آپ کی sugar mills ہیں، یہ ہے، وہ ہے، ان کی economic activity وغیرہ۔ So please, if this is what you are doing, if the Government intends to blackmail or buy them with all type of approach, then we all are

heading for a big trouble. جناب! Offshore companies کی بات آئی، صدر صاحب نے اس کا کوئی ذکر نہیں کیا کہ یہ offshore companies ہیں، لوگوں کا اتنا پیسا باہر ہے، جس پارٹی کا بھی ہے۔ آپ کیسے بے وقوف بنا رہے ہیں کہ میرے تو بیٹے کا ہے، مجھے تو معلوم نہیں ہے۔ یہ کوئی کرنے والی بات ہے۔ ہمارے ہاں پٹھانوں میں رواج کہ اگر بیٹا کچھ کرتا تو ہم باپ کو پکڑتے ہیں کہ تم نے دینا ہے، جرگہ میں father is answerable، ہمارے ہاں تو یہ رواج ہے۔ یہاں کہا جا رہا ہے کہ باپ بیٹے کا آپس میں کوئی تعلق ہی نہیں ہے، کیسے تعلق نہیں ہے۔ قانون میں 92 کا جو Economic Reforms Act ہے، اس کے تحت تو آپ disclose ہی نہیں کر سکتے ہیں کہ بنک میں کتنا پیسا ہے۔ آپ پاناما میں انکوائری کریں، کسی میں انکوائری کریں، you can't disclose it، میرے پانچ سال کا پرانا ریکارڈ نہیں ہے یا میرا Economic Reforms Act ہے، میں تمہیں disclose نہیں کر سکتا، بات ختم ہو جائے گی۔ So, these things sir, we are heading towards a lot of problems, اس قسم کی باتیں ہیں۔

آپ کا انڈیا کے ساتھ foreign relation کیا ہے، انڈیا نے پرسوں Lockheed کے ساتھ F-16 block F کی production sign کی ہے، انڈیا میں F-16 جہاز بننا شروع ہو جائیں گے۔ آپ دس F-16 نہیں لے سکے ۔ FATA Economic Reforms پر کیا بات کی، very sad آج تک 68 سال میں کسی حکومت نے فاٹا میں کچھ نہیں کیا، یہ کوئی بات نہیں ہے کہ آپ تھوڑی سی single road بنا دیتے ہیں۔ آپ فاٹا میں کوئی کارخانہ لگا ہی نہیں سکتے because of income tax acts, custom acts and land revenue acts ابھی تک وہاں standard ہی نہیں ہے، آپ mortgage ہی نہیں کر سکتے، آپ کی financing ہی نہیں ہو سکتی، سارے regulatory کام ہیں جو آپ نے کرنے ہیں۔

Sir, at the end what I conclude کہ ان ساری چیزوں کا نچوڑ ہے اور میں نے آپ کو پہلے بھی بتایا ہے the Presidential Address should have given a vision to the nation, a long term vision, یہ نہ بتائیں کہ میری past میں کیا achievements تھیں۔ جاوید عباسی اس وقت ہاؤس سے

چلے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ زر مبادلہ کے ذخائر گیارہ بلین سے بائیس بلین تک پہنچ گئے ہیں، ساتھ میں یہ بھی تو بتائیں کہ سولہ بلین کے loans بھی لے لیے ہیں، Sukok Bond وغیرہ ڈالیں، International Financial Institution سے جو پیسا آیا وہ بھی ڈالیں تو کیا بچتا ہے، simple mathematics ہے، آپ نے تو financing کی حد کر دی ہے۔

Sir the address lacks all of these things, it was not what that we, I or our party expected from the President. Vision, was lacking in it. Thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جناب غوث محمد نیازی صاحب۔

Senator Ghous Muhammad Khan Niazi

سینیٹر غوث محمد خان نیازی: شکریہ۔ جناب چیئرمین! صدر پاکستان جناب ممنون حسین صاحب نے یکم جون کو نہایت مدلل تقریر کی ۔ صدر پاکستان پورے ملک کے custodian ہوتے ہیں اور ان کی تقریر کا مقصد ہوتا ہے کہ حکومت کی کارکردگی پر نظر ڈالی جائے، اس کی shortcomings کو اجاگر کیا اور مستقبل کے بارے میں پیش بندی کی جائے۔ صدر پاکستان نے حکومت کی تین سال کی کارکردگی کو سراہا اور چوتھے سال کے شروع میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف دونوں کو مبارکباد دی کہ ہم کامیابی سے چوتھے پارلیمانی سال میں داخل ہو رہے ہیں اور یہی جمہوریت کی کامیابی ہے، تمام سیاسی پارٹیوں نے سیاسی بلوغت کا ثبوت دیا ہے اور انہوں نے مل بیٹھ کر اس سیاسی نظام کو بچایا ہے۔ پچھلے تین سالوں میں جیسے جمہوریت کو derail کرنے کی کوشش کی گئی اور جس طرح سیاسی پارٹیوں نے سیاسی پختگی کا ثبوت دیا، اسے صدر صاحب نے سراہا کہ گو کہ حالات کیسے بھی رہے لیکن چونکہ تمام سیاسی پارٹیوں نے تہیہ کر لیا تھا اس لیے یہ نظام قائم رہا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب تک آپ اکٹھے رہیں گے تو کوئی بھی جمہوریت کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

جناب چیئرمین! صدر صاحب نے تین چار points پر اپنی توجہ مرکوز رکھی، ایک معیشت پر، دوسرا انرجی کے بحران پر، تیسرا دہشتگردی پر اور چوتھا خارجہ پالیسی پر۔ انہوں نے فرمایا کہ کسی قوم کی ترقی اور خوشحالی کا اندازہ اس کی معاشی طاقت ہی سے لگایا جا سکتا ہے اور انہوں نے پوری ہسٹری بیان کی کہ جب موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالا تو ملک default ہونے کے قریب تھا، ملک کی زر مبادلہ کے ذخائر ایک ارب ڈالر تک پہنچ چکے تھے، الحمد للہ آج وہ 22 ارب

ڈالر کو cross کر رہے ہیں۔ اس چیز پر انہوں نے حکومت کو مبارکباد پیش کی۔ جناب چیئرمین! حکومت نے جب اقتدار سنبھالا تو اس وقت عالمی مالیاتی ادارے کہہ رہے تھے کہ شاید پاکستان default کر جائے گا اور پاکستان ناکام ریاست ثابت ہو گا لیکن ہماری حکومت نے جنگی بنیادوں پر کام کیا ملک کو default ہونے سے بچا لیا اور ہمارے ملکی ذخائر میں بے پناہ اضافہ ہوا۔ دوسرا ٹیکسوں کے نظام میں جو بہتری لائی گئی ہے اسے appreciate کیا۔ جناب چیئرمین! واقعی ٹیکسوں کے نظام میں بہتری آئی ہے اور tax collection میں اضافہ ہوا ہے۔ عوام میں ٹیکسوں کے طریقہ کار پر بہت ابہام پایا جاتا تھا، جو لوگ ٹیکس دینا چاہتے ہیں وہ بھی خوفزدہ تھے، FBR کے bureaucrats کا رویہ ایسا ہوتا تھا کہ عام آدمی بھی خوفزدہ تھا کہ اگر میں ٹیکس گزار ہو گیا تو پتا نہیں مجھ پر کیا sanctions لگ جائیں گی۔ وزیر خزانہ صاحب نے اس سلسلے میں کافی کام کیا ہے، انہوں نے اس خوف کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے، انہوں نے تاجروں اور FBR کے افسران کے مابین ملاقاتیں کرائیں تاکہ یہ خوف دور ہو اور لوگ ٹیکس جیسا قومی فریضہ ادا کریں۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہمارے جتنے اہداف تھے اس سے کہیں زیادہ tax collection ہوئی اور بہت سے لوگ tax net میں آئے اور جو نہیں آئے ان کے لیے بہت سی اسکیموں کا اعلان کیا گیا ہے، amnesty scheme کا اعلان کیا گیا ہے، یہ ایسی اسکیم نہیں کہ ٹیکس معاف کر دیا گیا بلکہ اس کا مقصد یہ تھا کہ جو لوگ ٹیکس گزار نہیں ہیں اور جو ٹیکس دینا چاہتے ہیں انہیں facilitate کیا جائے کہ لوگ tax net میں آئیں، اچھے پاکستانی بنیں اور پاکستان کا revenue بڑھائیں کیونکہ جب تک revenue نہیں بڑھے گا ملک کیسے ترقی کرے گا۔ وزیر خزانہ صاحب نے معیشت کے حوالے سے کافی اقدامات کیے ہیں ہم اسے appreciate کرتے ہیں اور صدر صاحب نے بھی انہیں appreciate کیا ہے۔

صدر صاحب نے پاک چین اقتصادی راہداری کا بھی ذکر کیا۔ اس سے پہلے میں بتانا چاہوں گا ہمارا خطہ تین چار دہائیوں سے بے چینی کا شکار ہے، ہم پہلے دس سال تک افغان war سے دو چار رہے اور روس کے خلاف لڑتے رہے، اگلے دس سال افغان آپس میں لڑتے رہے اور اس کا اثر پاکستان پر ہوا۔ اس کے بعد دس سال تک ہم اور افغان آپس میں لڑتے رہے، ان تین چار دہائیوں میں اس خطے میں بہت بے چینی رہی جس کی وجہ سے ہمارا مالیاتی نظام بہت متاثر ہوا، ہم جو اہداف مقرر کرتے تھے وہ پوری طرح حاصل نہیں ہوتے تھے کیونکہ اس خطے میں law and

order کی situation تھی، یہاں کوئی باہر سے investment کرنے کو تیار نہیں تھا بلکہ ہمارے پاکستانی بھی یہاں investment کرتے ہوئے ڈرتے تھے۔ الحمد للہ اب حالات میں بہتری آئی ہے، دہشتگردی کے خلاف کیے گئے اقدامات سے بہتری آئی ہے، ضرب عضب سے کافی فرق پڑا ہے۔ ہماری عسکری اور civil forces نے مل بیٹھ کر حل نکالا ہے اور دہشتگردی کافی حد تک کم ہوئی ہے اور جس کے نتیجہ یہاں پاک چائنا اقتصادی استحکام عمل میں آیا ہے۔ ہمارے دوست نعمان وزیر صاحب اس وقت ہاؤس سے تشریف لے گئے ہیں، وہ بہت تنقید کر رہے تھے کہ چار لین کیسے بنے گا۔ ارے خدا کے بندے جنہوں نے بنایا ہے اس میں صرف پاکستانی engineers نہیں تھے، اس میں چائنا کے بھی engineers تھے اور اس وقت چائنا میں اقتصادی ترقی ہے، وہاں پر بہت بڑے engineers and planners ہیں، ان سب نے مل کر یہ planning کی ہے۔ ان کی پاکستان دوستی کا ثبوت ہے کہ انہوں نے صرف راہداری تک محدود نہیں رکھا ، وزیر اعظم صاحب نے ان سے ترقیاتی ژون قائم کرنے کی بھی commitment کی ہے۔ 46 ارب ڈالر میں سے 10 ارب ڈالر کی شاہرائیں بنائی جائیں گی، یہاں پر industrial zones بنیں گے، فیکٹریاں لگیں گی، کارخانے لگیں گے، یہاں پر energy بحران ختم ہو گا اور غریب بندے کو روزگار ملے گا۔ ہمارے غریب بچے دہشت گردوں کے ہاتھوں بک جاتے ہیں، چند لاکھوں کے خاطر اپنی جانیں قربان کرتے ہیں، ان کو روزگار ملے گا۔ پاک چائنا راہداری منصوبہ چائنا کب سے کرنا چاہتا تھا لیکن جب تک وزیر اعظم نواز شریف اقتدار میں نہیں آئے، انہوں نے یہ معاہدہ نہیں کیا کیونکہ ان کو کسی پر اعتماد نہیں تھا۔ اس سے پہلے پانچ سال زرداری صاحب بھی رہے ہیں، انہوں نے معاہدہ نہیں کیا۔ یہ ہمارے وزیر اعظم جناب نواز شریف صاحب کی credibility ہے کہ انہوں نے ان پر اعتماد کیا اور جب انہوں نے ان سے معاہدہ کیا تو انہوں نے یہ کہا کہ جناب وزیر اعظم صاحب یہ آپ کے لیے تحفہ ہے، یہ پاکستان کے لیے تحفہ ہے۔ لوگ اس بارے میں مختلف چہ مہ گوئیاں کرتے ہیں، ہمارے کچھ صوبوں سے دوستوں کو اس پر اعتراض ہے کہ ہمارا route مکمل نہیں ہو رہا۔ آپ کچھ صبر کریں، یہ کوئی ایک سال کا منصوبہ نہیں ہے، یہ پندرہ سال چلے گا، یہ 2030 تک ہے، انشاء اللہ سارے ملک میں شاہراہیں بنیں گی اور کارخانے بھی بنیں گے اور industrial zones بھی بنیں گے اور ملک سے بے روزگاری بھی دور ہو گی۔

جناب چیئرمین! جناب صدر صاحب نے زرمبادلہ میں اضافے کی بھی نشاندہی کی ہے اور شرح نمو میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ بجٹ خسارے میں کمی ہوئی ہے، روپیہ مستحکم ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! جب ہماری حکومت اقتدار میں آئی تو ایک MNA صاحب کا تعلق راولپنڈی سے ہے، انہوں نے کہا تھا کہ وزیر خزانہ صاحب dollar کو 107 روپے سے 100 روپے تک لے آئے تو میں اپنی نشست چھوڑ دوں گا، الحمدللہ ہمارے وزیر خزانہ صاحب dollar کو 100 روپے تک لے آئے لیکن انہوں نے استعفٰے نہیں دیا۔ ان کا خیال تھا کہ یہ ناممکن ہے لیکن جب خلوص دل سے جو بھی کام کیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہوتی ہے، 100 dollar روپے تک پہنچ گیا اور انہوں نے استعفٰے نہیں دیا۔ انہوں نے بعد میں دھرنے کی سازش کی تو روپے کی قیمت میں کمی ہوئی اور dollar پھر اوپر چلا گیا۔

جناب چیئرمین صاحب! صدر صاحب نے توانائی بحران کی نشاندہی کی، قدرتی گیس کی کمی تھی لیکن ہمیں LNG سے مدد ضرور ملی ہے۔ انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی کہ یہاں کوئلہ، wind and solar کے plants لگائے جائیں جو کہ نسبتاً سستے پڑتے ہیں۔ انہوں نے خاص طور پر نشاندہی کی کہ گلگت بلتستان میں بہت سے علاقے ایسے ہیں، جہاں پر dams بنائے جا سکتے ہیں اور اتنے dams بنائے سکتے ہیں کہ اس علاقے کو بجلی دی جا سکتی ہے اور ان dams سے پیدا ہونے والی بجلی کو national grid میں بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔ اس سے سستی بجلی ملے گی اور باقی ملک کو بھی بجلی ملے گی۔ انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ بجلی کی ترسیل کے نظام میں بہتری لائے جائے۔ جب بجلی پیدا ہو گی تو اس کے لیے transmission lines بہتر ہونی چاہئیں، جو transmission lines already ہیں، شاید وہ اتنا load برداشت نہیں کر سکتیں۔ ہم روزانہ دیکھتے ہیں کہ جوں جوں load shedding میں کمی آتی جا رہی ہے، وہاں پر ترسیل کے نظام کی خرابیاں سامنے آ رہی ہیں، transformers اڑ جاتے ہیں، تاریں ٹوٹ جاتی ہیں، انہوں نے اس نظام کو بہتر کرنے کی بھی نشاندہی کی ہے اور اس پر حکومت پوری توجہ دے رہی ہے۔

جناب! انہوں نے دہشت گردی کے حوالے سے کہا ہے کہ ہماری قوم نے بڑی قربانیاں دی ہیں، ہمارے عوام نے قربانیاں دی ہیں، ہماری فوج نے قربانیاں دی ہیں، ہماری security forces بشمول FC, police and levy سب نے قربانیاں دی ہیں۔ ان کی قربانیوں کو

خراج تحسین پیش کیا گیا ہے اور انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ یہاں پر ایک یادگار تعمیر کی جائے اور جتنے شہید ہوئے ہیں، ان سب کے نام لکھے جائیں اور جو ان کے لواحقین ہیں اور جو بیوائیں ہیں، جو بچے یتیم ہو گئے ہیں، ان کے لیے Government proper بندوبست کرے، بچوں کی تعلیم کا بندوبست کرے اور ان کے گھروں کا مناسب انتظام کیا جائے۔

جناب والا! ابھی خارجہ پالیسی کے حوالے سے اپوزیشن بنچوں سے تنقید کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کوئی نہیں ہے، اس کا نہ اصول ہے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہماری خارجہ پالیسی وہی ہے جو ہمیں قائداعظم نے vision دیا تھا، ہماری خارجہ پالیسی وہی ہے جس کی نشاندہی قائداعظم رحمۃ اللہ نے کی تھی اور قائداعظم رحمۃ اللہ نے فرمایا تھا کہ ہماری خارجہ پالیسی کی بنیاد امن برائے ترقی اور پرامن ہمسائیگی ہے۔ ہم اپنے ہمسایوں کے ساتھ اچھے تعلقات بنانا چاہتے ہیں، ہم ان سے اچھی تعمیری سفارت کاری بھی کرنا چاہتے ہیں اور ہم عدم مداخلت کی پالیسی کے بھی پابند ہیں۔ انہوں نے خصوصی طور پر کشمیر کے مسئلے کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ ہمیں افسوس ہے کہ جب وزیراعظم نواز شریف صاحب نے جنرل اسمبلی میں تقریر کی تھی، اس وقت انہوں نے پڑوسی بھارت کو مذاکرات کی دعوت دی تھی، افسوس ہے کہ اس کا مذاق اڑایا گیا اور مذاکرات کے بجائے ملک کے ساتھ دشمنی کو ترجیح دی، اس نے پٹھان کوٹ کے واقعے کو base بنا کر مذاکرات کو sabotage کیا لیکن ہم اب بھی چاہتے ہیں اور اس پر یقین کرتے ہیں کہ جب مذاکرات کے ذریعے تمام معاملات حل کئے جا سکتے ہیں اور کشمیر میں جو ظلم ہو رہا ہے، ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ پچھلے دنوں کشمیر میں 100 کے قریب کشمیری شہید ہو گئے، ان پر chemical کی گولیاں چلائی گئی ہیں، کچھ بے چارے اندھے ہو گئے ہیں، کچھ اپاہج ہو گئے ہیں تو اس کی پرزور مذمت کی جائے۔ اس کا عالمی human rights کی کمیٹی ہے، اس بھی اس کا notice لینا چاہیے۔

جناب! ہم افغانستان میں امن چاہتے ہیں، مشرق وسطیٰ کی جنگ جو سعودی عرب اور یمن کے درمیان تھی، ہم نے اس میں positive role ادا کیا ہے، پارلیمنٹ میں قرارداد پیش کی گئی اور حکومت نے اس روشنی میں مسئلے حل کئے ہیں۔ جناب والا! ہم نے روس سے اپنے تعلقات بہتر کئے ہیں اور روس نے کراچی سے لاہور تک گیس پائپ لائن بچھانے کا وعدہ کیا ہے، ہم نے CASA 1000 TAPI منصوبہ کیا ہے۔ سب سے بڑی خوشی یہ ہوئی ہے کہ پاکستان کو

GST plus کا درجہ ملا ہے۔ اس حکومت کی یہ بہت بڑی achievement ہے۔ پاکستان OIC, ECO and SAARC میں بہت اچھا کردار ادا کر رہا ہے اور انشاء اللہ SAARC conference بھی ہو رہی ہے۔ ہماری خارجہ پالیسی ہے کہ ہم اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ امن چاہتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ امن قائم ہو، تجارت ہو اور اچھے ہمسایوں کی طرح وہ بھی اور ہم بھی زندگی گزاریں۔

جناب! صدر صاحب نے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا ہے اور انہوں نے ملک کو guide line دی ہے اور حکومت کو کہا ہے کہ ان منصوبوں پر عمل کیا جائے۔ میں آخر میں اپنے صدر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا شکریہ۔ جی عثمان کاکڑ صاحب۔

Senator Muhammad Usman Khan Kakar

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین صاحب! آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ محترم صدر صاحب نے یکم جون کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ جناب صدر صاحب Federation کی علامت ہیں اور State کی بھی علامت ہیں۔ اس ملک کی بدقسمتی یہ ہے کہ ہر صدر جو کہ اپنے اختیارات، مقام، دفتر اور Federation کی علامت ہے، وہ ایک symbol ہیں، انہوں نے اس کی بجائے اپنی پارٹی کا دفاع کیا ہے جو نہیں ہونا چاہیے۔ ان کو Federation کا خیال رکھنا چاہیے، Federation کے جو units ہیں، وہ صوبے ہیں، ان پر نظر ہونی چاہیے، پارلیمنٹ پر نظر ہونی چاہیے، آئین اور قانون کے عمل درآمد پر نظر ہونی چاہیے، مگر اس ملک کی بدقسمتی ہے، کسی بھی صدر نے یہ کام نہیں کیا اور موجودہ صدر نے بھی یہ کام نہیں کیا ہے۔

جناب چیئرمین میں آئین سے شروع کروں گا کہ کیا صدر صاحب نے اس کا جائزہ لیا ہے کہ آئین پر عمل درآمد ہو رہا ہے یا نہیں ہو رہا۔ آئین میں یہ ہے کہ NFC Award وقت پر ہو، مگر اس پر عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے۔ صدر نے ذکر بھی نہیں کیا اور نہ کر سکتے ہیں۔ مردم شماری دس سال بعد ہونی چاہیے تھی جس کا صدر کے خطاب میں ذکر بھی نہیں ہے۔ میری صدر صاحب سے گزارش ہے کہ آپ کو اس کا جائزہ لینا چاہیے آپ کو یہ کہنا چاہیے کہ یہ ٹھیک ہے یہ غلط ہے تاکہ عوام، پارلیمنٹ اور ہماری federating units مطمئن ہو جائیں۔ یہاں پر یہ لوگ CCI کا

ایک دفتر تک نہیں بنا رہے ہیں۔ حکومت پارلیمنٹ پر توجہ نہیں دیتی ہے، پارلیمنٹ کے فیصلوں پر عمل درآمد نہیں کراتی، خاص کر سینیٹ کی قرار دادیں، motions ہیں اور فیصلے ہیں، ان پر عمل درآمد نہیں کراتی، صدر صاحب کے خطاب میں اس کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ ساری پارٹیاں یہ کہہ رہی ہیں کہ سینیٹ کے اختیارات اسمبلی کے برابر ہونے چاہییں یہ چاہے مالیاتی ہوں یا confidence, no confidence ہوں کیونکہ صدر Federation کی علامت ہے اور House of Federation پر ان کو زیادہ focus کرنا چاہیے تھا لیکن انہوں نے نہیں کیا۔ اٹھارویں ترمیم میں مسلسل encroachment جاری ہے۔ صدر صاحب اس کا ذکر نہیں کر رہے ہیں اور جائزہ نہیں لے رہے ہیں۔ اٹھارہویں ترمیم کے بعد Devolution نہیں ہو رہی ہے۔ ایک وزارت بھی devolve نہیں ہوئی ہے۔ یہ آئینی مسائل ہیں۔ صدر صاحب کے خطاب میں اس پر بالکل خاموشی ہے۔

حکومت نے فاٹا کے عوام کو نظر انداز کر دیا ہے۔ حکومت نے جو کمیٹی بنائی اس میں فاٹا کے منتخب MNAs and Senators کو پوچھا بھی نہیں۔ حالانکہ وہ کمیٹی ان لوگوں پر مشتمل ہونی چاہیے تھی۔ محترم صدر صاحب نے اس کا نوٹس نہیں لیا اور نہ یہ کریں گے۔ FATA reforms وہاں کے عوام اور وہاں کے منتخب نمائندوں کی مرضی کی مطابق ہونے چاہییں۔ جو یہ نہیں کر رہے ہیں۔ اس کا ذکر بھی صدر صاحب کی تقریر میں نہیں ہے اور نہ وہ اس کا نوٹس لینا چاہتے ہیں۔ محترم صدر صاحب کی تقریر میں خارجہ پالیسی کا ذکر تھا۔ ہم سب کو معلوم ہے کہ ہمارے ہمسائیوں کے ساتھ ہمارے تاریخ کے بدترین اور خراب ترین تعلقات ہیں۔ خارجہ پالیسی میں پاکستان پوری دنیا میں تنہا ہے۔ یہ کیسی خارجہ پالیسی ہے جس کی صدر صاحب تعریف کر رہے ہیں؟ نہ کوئی ہم سے دنیا میں خوش ہے، نہ کوئی ہم سے عرب و عجم میں خوش ہے۔ نہ ہماری اس پالیسی سے ہمارے ہمسائے ہم سے خوش ہیں۔ پھر انہوں نے اپنی تقریر میں افغانستان کا ذکر کیا۔ افغانستان کے ساتھ ہمارے تعلقات تاریخ کی بدترین situation میں ہیں۔ وہ کہتے ہیں اور ان کی پارلیمنٹ کہتی ہے کہ ہم ان کے ملک میں مداخلت کر رہے ہیں۔ صدر صاحب نے اپنی تقریر میں ایرانی صدر صاحب کا بھی ذکر کیا۔ جس طرح سے ایرانی صدر کا استقبال کیا گیا اگر آپ اسے اچھے تعلقات سمجھتے ہیں تب تو ٹھیک ہے۔ جس طرح سے ان کی یہاں پر تضحیک ہوئی، ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا، وہ آپ کا ہمسایہ ملک ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ ہمارا برادر اور ہمسایہ ملک ہے۔

امن وامان کا مسئلہ بھی ہے۔پشاور کے سکول کے بچوں کا واقعہ، باچا خان یونیورسٹی کا واقعہ اور دوسرے بہت سے واقعات ایک سال میں ہوئے ہیں۔کراچی میں 12 مئی کے واقعہ کو بہت عرصہ ہو چکا ہے کسی نے اس کا نوٹس لیا؟آپ تو جوڈیشل کمیشن بھی نہیں بنا رہے ہیں۔پشاور کے سکول اور باچا خان یونیورسٹی پر وہاں کے لوگوں کا جوڈیشل کمیشن کا مطالبہ تھا۔کہتے ہیں کہ امن وامان ٹھیک ہے۔امن وامان کہاں ٹھیک ہے۔APC میں ساری سیاسی جماعتوں نے National Action Plan متفقہ طریقے سے پاس کیا۔اس کے تمام نکات بھی اتفاق رائے سے طے پائے مگر وزیر داخلہ صاحب خود کہہ رہے تھے کہ اس پر عمل درآمد نہیں ہوا ہے۔پارلیمنٹیرین کہہ رہے ہیں اور سارا سینیٹ کہہ رہا ہے۔وہاں پر قومی اسمبلی کے لوگ کہہ رہے ہیں۔یہ بات ٹھیک ہے کہ اسلام آباد اور لاہور میں امن وامان ٹھیک ہوا ہے مگر بلوچستان، فاٹا، خیبر پختونخوا میں تو حالات ٹھیک نہیں ہوئے ہیں جو امن وامان کا بنیادی مسئلہ ہے۔اب بھی good and bad terrorists کی ہماری ریاستی پالیسی جاری ہے۔ایسا نہیں ہونا چاہیے اس بات کا صدر صاحب کو نوٹس لینا چاہیے۔لیکن ابھی تک اس کا نوٹس نہیں لیا گیا۔

پاناما لیکس جو کہ پاکستان کے بارے میں ایک international issue ہے،اس کا کوئی نتیجہ نہیں ہے۔ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ سب کا احتساب ہونا چاہیے۔چاہے وہ judiciary ہو، parliamentarians ہوں، وزیراعظم سے لیکر وزراء تک ہوں، چاہے establishment کے ہوں،چاہے جاگیردار،صنعت کار ہوں،چاہے بیوروکریسی ہو،حکومت ہو یا اپوزیشن ہو،سب کا احتساب ہونا چاہیے جو کہ اس ملک کا سب سے اہم مسئلہ ہے۔انہوں نے رپورٹ دی ہے کہ اس ملک میں پونے چار سو ارب روپے لوگوں کو بخشش کے طور پر دیئے گئے ہیں،ان کے قرضے معاف کر دیئے گئے ہیں۔صدر صاحب پونے چار سو ارب روپے بہت بڑی رقم ہے۔وزیرستان کے IDPs کا مسئلہ ہے، وہ بے چارے ابھی تک اپنے گھر نہیں گئے ہیں۔ان کو جس امداد کی ضرورت تھی ابھی تک انہیں نہیں دی گئی ہے۔یہاں پر افغان مہاجرین کا مسئلہ ہے۔وہ کہہ رہے تھے کہ اسلام کے داعی ہیں،اسلام کے شیدائی ہیں، یہ ہمارا دفاع کرنے والے ہیں۔آج اس ملک میں ان کو ذلیل کیا جا رہا ہے۔ان کی قومی تضحیک،انسانی تضحیک ہو رہی ہے۔ساری ریاست اور ادارے خاموش ہیں۔کوئی کچھ نہیں کہتا ہے۔

جناب اس ملک میں پشتونوں کو شناختی کارڈ کا مسئلہ درپیش ہے۔ وزیر داخلہ صاحب ہمیں پاکستانی شہریت سے محروم کر رہے ہیں، کوئی اس کا نوٹس نہیں لیتا ہے۔ ہمیں شہریت کا حق ہے یا پھر ہم غلام کے طور پر یہاں پر رہیں گے۔ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنی سرزمین پر ہزاروں سال سے رہ رہے ہیں اور اس Federation کا حصہ ہیں۔ ہمارا اس ملک اور Federation میں برابری کا حق ہے۔ موجودہ حکومت نے تو ہمیں شناختی کارڈ کے ذریعے سے شہریت سے بھی محروم رکھا ہوا ہے۔ صدر صاحب نے CPEC کا بہت ذکر کیا ہے۔ محترم صدر صاحب، آپ Federation کی علامت ہو، ایک پارٹی کی نہیں ہو۔ آپ ایک شہر یا ایک صوبے کی علامت نہیں ہو بلکہ Federation کی علامت ہو۔ ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں صدر صاحب۔ CPEC میں بلوچوں، پشتونوں اور گلگت بلتستان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ بلوچستان، فاٹا، گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا کے ساتھ انتہائی زیادتی ہوئی ہے۔ آپ کو اس کا نوٹس لینا چاہیے تھا۔ نہ وہاں پر موٹر وے ہے، نہ ہائی وے ہے، نہ ریلوے کا کوئی پراجیکٹ ہے، 16400 میگاواٹ بجلی میں ایک میگاواٹ بھی مغربی روٹ پر نہیں ہے۔ نہ کوئی گیس پائپ لائن ہے، کچھ بھی نہیں ہے۔ جناب یہاں پر صدر صاحب نے خود ذکر کیا تھا کہ کراچی سے لاہور تک جو گیس کی پائپ لائن ہے جس پر دو ارب ڈالر، دو سو ارب روپے خرچ کر رہے ہیں۔ خدا کے لیے، بلوچستان، جہاں سے گیس نکل رہی ہے اور وہاں پر منفی اٹھارہ سینٹی گریڈ میں بھی ہمارے لوگ گیس سے محروم ہیں۔ ہمارے صوبے میں 80% گیس نہیں ہے۔ فاٹا میں، ایجنسیوں کے گھروں میں 100 فیصد نہیں ہے۔ یہاں پر دو سو ارب روپے سے یہ اضافی گیس پائپ لائن لا رہے ہیں۔ یہاں پر زراعت کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ زراعت کہاں ہے۔ بلوچستان میں water level 1200 feet نیچے جا چکا ہے، نہ کوئی ڈیم ہے۔ کسان پیکیج سے فاٹا اور بلوچستان محروم ہیں۔ ڈیم بنانے کے لیے ہمیں خصوصی پیکیج نہیں دے رہے ہیں۔ گزشتہ پندرہ سال سے 100 ڈیم ہیں اور آئندہ پندرہ سالوں میں یہ بنیں گے۔ تین سال ہو گئے ہیں ان 100 ڈیمز کو، اس میں اتنا خرچہ نہیں ہے۔ وہاں پر agriculture feeder پر بیس گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے۔ ہماری زراعت تباہ ہو چکی ہے۔ بے روزگاری کی تو یہ حالت ہے کہ 2% بے روزگاری بھی ختم نہیں ہوئی۔ گو کہ تیل کی قیمتیں کم ہو چکی ہیں لیکن مہنگائی اسی طرح ہے۔

جناب چیئرمین! صدر صاحب نے 2015 میں پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے دوران ایک تجویز دی تھی۔ صدر صاحب کو موجودہ حکومت کی کارکردگی کا اندازہ اس بات سے کرنا چاہیے۔ انہوں نے ایک تجویز دی تھی کہ پرائمری ایجوکیشن میں صرف اور صرف خواتین ٹیچرز کو لگانا چاہیے۔ آپ سب کو معلوم ہے کہ صدر صاحب کی وہ ایک بہترین تجویز تھی۔ اس بے چارے نے صرف ایک تجویز دی تھی، اس پر بھی حکومت نے عمل درآمد نہیں کروایا۔ جب آپ ایک بہترین تجویز پر عمل درآمد نہیں کروا رہے تو ہماری کیا حالت ہوگی۔

موسمیاتی تبدیلی یعنی climate change ایک خطرناک شکل اختیار کر چکی ہے جس کا کوئی نوٹس نہیں لیتا۔ ہر سال climate change کی وجہ سے 100 ارب کا نقصان ہوتا ہے جبکہ حکومت نے اس حوالے سے اس سال کے بجٹ میں صرف ایک ارب روپے رکھے، وہ بھی انتظامی کاموں کے لیے، گاڑی، دفتر وغیرہ کے لیے۔ یہ حکومتی ترجیحات ہیں۔

میری گزارش یہ ہے کہ صدر صاحب، فیڈریشن کی علامت ہیں۔ لہٰذا، انہیں حکومت کے ترجمان کے طور پر نہیں بلکہ آئینی طور پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تھا جو کہ انہوں نے نہیں کیا۔ انہوں نے لیپ ٹاپ کی بات کی۔ اب آپ اطلاعات کے وزیر تو نہیں ہیں کہ لیپ ٹاپ کی ایڈورٹائزمنٹ کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ اور چیزوں کا بھی انہوں نے ذکر کیا، ان کے لیے تو اور بھی بہت سے بندے ہیں۔

میں آخر میں یہ کہوں گا کہ موجودہ حکومت کے وزراء اور پارلیمنٹیرین کی اکثریت چاہے وہ قومی اسمبلی میں ہو یا سینیٹ میں ہو، اگر میں غلط نہ کہوں تو وزیرِاعظم صاحب بھی اس حکومت سے اتنے مطمئن نہیں ہیں جتنے صدر صاحب سو فیصد مطمئن ہیں یہ بہت اہم نقطہ ہے لہٰذا، ہم نے صدر صاحب کی تقاریر پر جو گزارشات پیش کی ہیں، آئندہ جب وہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے تو وہ صحیح آئینی طریقے کے مطابق ہو، صوبوں اور وفاق کی کارکردگی کا جائزہ لیں اور پھر مثبت اور منفی دونوں پہلو بیان کرنے چاہییں۔ یہ ان کی ذمہ داری ہے۔ بہت مہربانی جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر محمد علی سیف صاحب، آخری مقرر۔

Senator Muhammad Ali Khan Saif

سینیٹر محمد علی خان سیف: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! جتنے بھی جمہوری نظام ہیں اور جہاں بھی constitutional governance ہے، وہاں سربراہِ مملکت کی تقریر ہوتی ہے جو سال میں ایک مرتبہ کی جاتی ہے۔ امریکہ میں اسے State of Union Address کہا جاتا ہے جبکہ باقی ممالک میں ان کے اپنے نام ہیں۔ ان کا وہاں ایک ہی مقصد ہوتا ہے کہ سربراہِ مملکت گزشتہ سال میں حکومت کی کارکردگی اور آگے کے futuristic vision پر اپنے خیالات کا اظہار کرے کہ قوم کا vision کہاں ہے اور کہاں اسے لے کر جانا ہے۔

بدقسمتی سے ہمارے نظام میں جب صدر صاحب تقریر کرنے آتے ہیں، یہ شاید ان کی دوسری یا تیسری تقریر تھی، اس میں مسلم لیگ (نواز) کا سیاسی پروگرام ہی نظر آتا ہے کہ ان کی کیا خواہشات ہیں، ان کے کیا خواب ہیں اور ان کے کیا اقدامات تھے جن کے نتیجے میں صرف اس پارٹی کو سیاسی فائدہ ملا۔ اس چیز کی repetition نظر آتی ہے۔ امریکہ کا صدر جب بات کرتا ہے تو وہ اپنے vision پر بات کرتا ہے، امریکہ کے لیے جو اس کا اپنا vision ہے، اس پر بات کرتا ہے۔ فرانس کا صدر جب بات کرتا ہے تو وہ اپنے vision پر بات کرتا ہے۔ جرمنی کی چانسلر جب بات کرتی ہیں تو ان کا اپنا vision ہوتا ہے کہ اس نے قوم کے لیے کیا کیا ہے اور آگے کیا کرنا ہے۔ روس کا پیوٹن جب بات کرتا ہے تو اپنے vision کے مطابق بات کرتا ہے۔ ہمارے صدر صاحب جو بات کرتے ہیں وہ کسی سیکشن افسر کی لکھی ہوئی تقریر کو صرف سنا دیتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس تقریر پر اتنی زیادہ بحث ٹھیک نہیں۔ خاص طور پر میں تو حیران ہو رہا تھا جب جنرل عبدالقیوم صاحب جیسے تجربہ کار انسان اور سینیٹر اتنی لمبی تقریر کر رہے تھے اور نیازی صاحب جو ہمارے بھائی ہیں، وہ بھی اتنی لمبی تقریر کر رہے تھے۔ میں نہیں سمجھتا کہ کسی سیکشن افسر کی لکھی ہوئی تقریر کو اتنی اہمیت دینے کی ضرورت ہے کہ اسے repeat کر کے ہماری ear bashing کی جائے۔ Ear bashing یعنی کانوں پر گراں گزرنے کی اصطلاح اسی موقع پر استعمال کی جاتی ہے۔ مجھے ان کی آوازیں اس لیے عجیب لگ رہی تھیں کہ وہ تقریر تو ہم نے ویسے بھی پڑھی ہوئی تھی۔

دوسری بات، قوم کو دھوکا دینے کی خواہش تو شاید ہر سیاسی لیڈر کو ہوتی ہے کیونکہ اس سے اسے مفاد حاصل ہوتا ہے لیکن آیا قوم اس کی باتوں پر یقین کرتی ہے یا نہیں، یہ ایک الگ حقیقت ہوتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری قوم اتنی خبردار ہے، اتنی باشعور ہے کہ اسے پتا ہوتا ہے کہ

کون سا لیڈر اپنے دل سے بات کر رہا ہے، پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے سامنے صدر صاحب کون سی چیزوں کے حوالے سے اپنی actual کارکردگی دکھا رہے ہیں اور کہاں کسی سیکشن افسر یا پھر زیادہ سے زیادہ کسی ڈپٹی سیکرٹری کی vet کی ہوئی تقریر سنا رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس تقریر کی ہمارے لیے اتنی ہی اہمیت ہے جتنے اس میں الفاظ لکھے گئے تھے۔ اس کے ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کہ یہ صدر مملکت کے اپنے الفاظ ہی نہیں تھے۔ جب اپنے الفاظ ہی نہ ہوں تو اس پر ہم تقریر کیا کریں، اس پر ہم بحث کیا کریں یا اس پر comment کیا کریں۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ اس کی مثال ایسی ہے کہ پی۔ٹی۔وی کے خبر نامے میں جب ایک نیوز اینکر ایک لکھی ہوئی خبر پڑھتا ہے تو وہ اس کی خبر نہیں ہوتی، وہ صرف اسے بیان کر رہا ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس سے زیادہ اس کی اہمیت نہیں ہے، اس لیے اس پر اتنی بحث کر کے ہم نے پارلیمنٹ کا وقت ضائع کیا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مختصر تقریر کرنے پر آپ کا بہت شکریہ۔ وقت کی نزاکت کو، جمعہ کے دن اور نماز کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ نے جتنا اختصار سے کام لیا، میں آپ کا بہت زیادہ مشکور ہوں۔ میں تمام سینیٹر صاحبان کا جو اس وقت ایوان میں موجود ہیں اور جو اس وقت نہیں ہیں، سب کے پیار اور میری غلطیوں کو درگزر کرنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ چونکہ پورا ہفتہ گزر گیا میں منصب صدارت پر فائز رہا، اس کے لیے میں آپ سب کا مشکور و ممنون ہوں۔

سینیٹر تاج حیدر: تمام سینیٹرز کی جناب سے میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جس طریقے سے آپ نے اس عرصے میں ایوان کو چلایا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جزاک اللہ۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: میں بھی آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں لیکن میں آپ کے لیے یہ دعا نہیں کروں گا کہ آپ مستقل یہاں بیٹھ جائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اپنے حملوں سے بچا کر رکھنے کا یہی طریقہ ہے کہ میرے لیے کسی اور بہتری کی دعا کریں۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: مجھے آپ کی آنکھوں اور چہرے سے لگ رہا ہے کہ آپ یہاں پکے بیٹھنے کے چکر میں ہیں لیکن ایسی کوئی سازش ہم نہیں ہونے دیں گے۔ آپ فکر نہ کریں۔

Mr. Presiding Officer: I will now read out the prorogation orders received from the President:

> ‘‘In exercise of the powers conferred by Clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, I hereby prorogue the Senate session on the conclusion of its business on 9th September, 2016.
>
> Sd/-
> President
> Islamic Republic
> of Pakistan”

[The House was then prorogued sine die]

Index

Chaudhry Nisar Ali Khan	16, 17, 22, 25, 28, 31, 35, 36, 38, 41, 46, 48
Khawaja Muhammad Asif	55
Khawaja Saad Rafique	52
Mr. Muhammad Baligh-ur-Rehman	68
Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi	14, 17, 38, 40, 71
Senator Kalsoom Perveen	15, 61, 62
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh	24, 41, 46
Senator Mohsin Aziz	27, 31
Senator Muhammad Daud Khan Achakzai Advocate	48
Senator Muhammad Javed Abbasi	66
Senator Muhammad Talha Mehmood	21
Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq	80
Senator Sardar Muhammad Azam Khan Musakhel	55
Senator Sherry Rehman	51
Senator Sirajul Haq	4
Senator Sitara Ayaz	62
Senator Syed Muzafar Hussain Shah	61
Senator Syed Shibli Faraz	34, 36
جناب محمد بلیغ الرحمٰن	4, 18, 19, 20, 24, 35, 36, 40, 68, 69
سینیٹر تاج حیدر	58, 59, 71, 102
سینیٹر چوہدری تنویر خان	47, 48
سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق	4, 15, 60, 66
سینیٹر ظہیرالدین بابر اعوان	15, 20, 27, 47, 65
سینیٹر غوث محمد خان نیازی	91
سینیٹر فرحت اللہ بابر	3, 68, 69
سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی	14, 17, 60
پروین سینیٹر کلثوم	58, 63, 64, 65
سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) صلاح الدین ترمذی	24
سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم	81
سینیٹر محمد جاوید عباسی	77
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ	19, 58, 96
سینیٹر محمد علی خان سیف	101
سینیٹر مشاہد اللہ خان	102
سینیٹر نعمان وزیر خٹک	35, 59, 85